Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | سوموار 24 فروری 2025، 25 شعبان المعظم 1446 ھ۔ قیمت 10 روپے | شمارہ 305

ترقی یافتہ پنجاب وزیراعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت کو اپنا موٹو بنایا ہے' صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات کا بیان

فتنے، فساد اور انتشار کی سیاست کو دفن کر دیا، اب صرف کام ہوگا، باقی صوبوں کے ترجمان ہمت کریں' کارکردگی دکھائیں

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ سا کا نکانہ صاحب کی مذہبی تقریب میں شریک ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز پنجاب کو ترقی یافتہ بنا رہی ہیں، مریم نواز نے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت کو اپنا موٹو بنایا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کا عوامی خدمات کے ریکارڈ قائم کرنے کا پہلا سال مکمل ہوا ہے، پنجاب حکومت عوام کے توقعات پر پورا اتری ہے، (ن) لیگ وعدوں کی تکمیل کا نام ہے۔ انہوں نے کہا اب نواز شریف کا دور ہے، عوامی خدمت کا دور ہے، مریم نواز نے ایک سال میں وہ تاریخ ساز کام کئے جو پہلے کوئی حکومت نہیں کر سکی، مریم نواز نے پاکستان میں سیاست کے پیمانے کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ فتنے، فساد اور انتشار کی سیاست کو دفن کر دیا، اب صرف کام ہوگا، باقی صوبوں کے ترجمان ہمت کریں اپنے وزراء اعلیٰ کی کارکردگی قوم کے سامنے پیش کریں۔

پاک چین خطے کی ترقی کیلئے مشترکہ اقدامات کر رہے ہیں، زرداری

سندھ حکومت نے صحت، تعلیم پر توجہ دی' سیلاب زدگان کیلئے گھر بنائے' دیگر صوبوں کو بھی اس کی تقلید کرنی چاہیے، خطاب

میرا چین کا دورہ کامیاب' ہم نے سی پیک کی بنیاد رکھی' اسے کامیاب بنائیں گے' چینی کمپنیاں پاکستان میں فیکٹریاں لگائیں گی

لاہور (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ عوام کی مشکلات میں کمی آ رہی ہے اور معاشی اشاریے بہتری کی طرف گامزن ہیں۔ صدر آصف زرداری نے سابق گورنر پنجاب مخدوم احمد محمود کی جانب سے ان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے (بقیہ نمبر 27)

دعوت ولیمہ کے دوران دولہا چل بسا، خوشیاں ماتم میں تبدیل

پنجاب کے شہر وزیر آباد کے ایک نواحی علاقے میں دعوت ولیمہ کے دوران دولہا اچانک چل بسا

پاکستان میں نوجوان نسل میں ہارٹ اٹیک کی بڑھتی ہوئی شرح حالیہ برسوں میں صحت کا مسئلہ بن گئی ہے

وزیر آباد (اے ایف پی) پنجاب کے شہر وزیر آباد کے ایک نواحی علاقے میں دعوت ولیمہ کے دوران دولہا اچانک چل بسا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق گاؤں ہینکہ جیمہ کے رہائشی حافظ عمر کا گزشتہ روز ولیمہ تھا، دعوت ولیمہ میں اچانک طبیعت بگڑنے پر دولہا کو اسپتال (بقیہ نمبر 30)

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اعلیٰ حاجی حنیف طیب وضوخانہ کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

اعلیٰ نسل کی بھینسوں کی افزائش' دودھ ٹھنڈا کرنے اور محفوظ بنانے سمیت ڈیری کے شعبے میں جدید مشینری متعارف ہوگی، جامع ڈیری پالیسی جلد تیار ہو جائے گی

پنجاب اٹلی طرز پر جدید ڈیری فارمنگ نظام متعارف کرنے کا فیصلہ

آسان قیمت پر ٹریکٹر' زرعی مشینوں کی فراہمی سے پنجاب میں زراعت فروغ پا رہی ہے' مریم اورنگزیب نے اٹلی کے ڈیری کے شعبے کے سرمایہ کار وفد کی آمد' تعاون پر شکریہ ادا کیا

وزیر لائیوسٹاک نے اٹلی کے وفد کو وزیراعلیٰ کے منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی' اٹلی کا دنیا میں زرعی اور ڈیری مصنوعات کے حوالے سے بڑے ممالک میں شمار ہوتا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) اٹلی کی طرز پر پنجاب میں جدید ڈیری فارمنگ، دودھ اور پنیر کی پیداوار، ترسیل کے عالمی معیار کا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اٹلی کے شعبہ ڈیری کے سرمایہ کار وفد نے سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب اور وزیر لائیوسٹاک عاشق حسین سے ملاقات کی، منصوبے کے پہلے مرحلے میں ایک ہزار بھینسوں کا پہلا آزمائشی منصوبہ پاک پتن، مظفر گڑھ اور جھنگ میں شروع ہوگا۔ اعلیٰ نسل کی بھینسوں کی افزائش، دودھ کی پیداوار بڑھانے، پیکنگ اور برآمدی معیار بڑھانے پر مل کر کام ہوگا، دودھ ٹھنڈا کرنے اور محفوظ بنانے سمیت ڈیری کے شعبے میں جدید مشینری متعارف ہوگی، جامع ڈیری پالیسی جلد تیار ہو جائے گی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ زیتون (بقیہ نمبر 1)

شہباز شریف اپنے وفد کے ہمراہ آذربائیجان کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہو رہے ہیں

ٹیسلا اور فورڈ کی لاکھوں گاڑیاں سسٹم میں خرابی پر مارکیٹ سے واپس

واشنگٹن (سی ایم لنکس) ٹیسلا پاور سٹیئرنگ میں خرابی کے باعث 3 لاکھ سے زائد الیکٹرک کاریں جبکہ فورڈ موٹر سیٹ بیلٹ میں مسئلے کے پیش نظر ڈھائی لاکھ گاڑیاں واپس منگوا رہی ہے۔ روئٹرز کے مطابق نیشنل ہائی وے ٹریفک سیفٹی ایڈمنسٹریشن نے جاری بیان میں بتایا کہ فورڈ موٹر دو لاکھ 40 ہزار گاڑ (بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم کا دورہ آذربائیجان اہمیت کا حامل ہے' جام

آذربائیجان کیساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات میں اضافہ ہو رہا ہے، جام کمال خان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا آذربائیجان کا دورہ اہمیت کا حامل ہے، معاشی تعاون اور سرمایہ کاری کا فروغ حکومت کی اہم ترجیح ہے، آذربائیجان کیساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات میں اضافہ ہو رہا ہے، باکو میں ہونیوالے مشترکہ بزنس فورم سے تعاون کی نئی راہیں کھلیں گی، پاکستان سے 85 کمپنیاں بزنس فورم میں شریک ہو رہی ہیں، دونوں ملکوں کی 150 سے زیادہ کمپنیوں کے وفود فورم میں شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرکاری ٹی وی سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا آذربائیجان کیساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات (بقیہ نمبر 10)

وزیراعظم آج آذربائیجان روانہ ہونگے، ازبکستان بھی جائینگے

دوروں میں، توانائی، دفاع، باہمی منسلکی، ٹرانسپورٹ منسلکی، تجارت و سرمایہ کاری پر مفاہمتی یادداشتوں و معاہدوں پر دستخط متوقع

وزیراعظم کو دورے کی دعوت آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے دی تھی' اسحاق ڈار اور کابینہ ارکان بھی ہمراہ ہوں گے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف آج (پیر سے) وسطی ایشیا کا اہم دورہ کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف آج (پیر کو) آذربائیجان کے دوروزہ دورے پر روانہ ہونگے جبکہ 25 اور 26 تاریخ کو ازبکستان کا دوروزہ دورہ کریں گے۔ آذربائیجان اور ازبکستان کے دوروں میں، توانائی، دفاع، باہمی منسلکی، ٹرانسپورٹ منسلکی، تجارت و سرمایہ کاری پر مفاہمتی یادداشتوں و معاہدوں پر دستخط متوقع ہیں۔ دورہ آذربائیجان کے دوران 2 ارب ڈالرز کے تجارت و سرمایہ کاری کے معاہدوں پر (بقیہ نمبر 33)

پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ کی سربراہی میں مرکزی رہنما بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جم کر کھیلو' مریم نواز کا پاکستان ٹیم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان کرکٹ ٹیم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں روایتی حریف کے خلاف میچ میں قومی ٹیم کی جیت کے لئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی پرامید ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ پوری قوم کی دعائیں کرکٹ ٹیم کے ساتھ ہیں، جم کر کھیلو، پاکستان کرکٹ ٹیم کا ہر کھلاڑی ستارہ ہے جو آج چمکے گا، پاکستان کا روایتی حریف سے میچ ہائی وولٹیج اور (بقیہ نمبر 45)

پنجاب حکومت نے مفت ٹرانسپلانٹ پروگرام کا آغاز کر دیا

چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت عام آدمی کیلئے پانچ ٹرانسپلانٹ آپریشن بالکل مفت ہوں گے

ٹرانسپلانٹیشن بہت پیچیدہ اور مہنگا پراسیس ہے عام آدمی افورڈ نہیں کر سکتا ہے، اب یہ فرض ریاست ادا کرے گی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب میں ملک کی تاریخ کے سب سے جامع ٹرانسپلانٹ پروگرام کا آغاز ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 63)

چین' بیلاروس ورکشاپ میں سیاحتی، ثقافتی تعلقات مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز

منسک (شنہوا) بیلاروس میں چین کے سفارت خانے اور بیلاروس کے وزارت کھیل و سیاحت نے منسک میں چینی ثقافتی مرکز میں سیاحتی آپریٹرز کے لیے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں چین اور بیلاروس کی تقریباً 30 سیاحتی ایجنسیوں اور ایئرلائنز کے نمائندوں نے شرکت کی تاکہ سیاحتی اور ثقافتی تعاون کے لئے مواقع تلاش کیے جا سکیں۔ ورکشاپ میں دونوں ممالک کے سیاحتی آپریٹرز کے درمیان براہ راست بات چیت کے لئے ایک خاص ون۔ آن۔ ون مذاکراتی زون قائم کیا گیا جس سے ایک متحرک اور دلچسپ ماحول پیدا ہوا۔ بات چیت کو (بقیہ نمبر 46)

نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں بڑی کمی

کراچی (آئی آئی پی) حکومت نے مختلف کرنسیوں میں نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں کمی کر دی ہے۔ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کے مطابق پاکستانی کرنسی میں 12 ماہ کی مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 850 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 21.50 فیصد سے کم کر کے 13 فیصد کر دی گئی ہے۔ امریکی ڈالر میں 12 ماہ کی مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 200 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 9 فیصد سے کم کر کے 7 فیصد کر دی گئی ہے، برطانوی پاؤنڈز میں 12 ماہ مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 75 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 8 فیصد سے کم کر کے (بقیہ نمبر 59)

آدمی نے انڈرویئر میں چھپائی ہوئی کوکین نگل لی' ایئرپورٹ پر موت واقع

لندن (آئی آئی پی) مانچسٹر ایئرپورٹ پر ایک شخص اس وقت ہلاک ہو گیا جب اس نے اپنے انڈرویئر میں چھپائی گئی کوکین کو نگل لیا۔ یہ شخص ٹرمینل 2 سے پرواز پر سوار ہونے والا تھا جب بارڈر فورس کے اہلکاروں نے اسے حراست میں لے لیا۔ ڈیلی سٹار کے مطابق اس شخص کو منشیات سے متعلق الزامات پر گرفتار کیا گیا تھا لیکن حراست میں لینے کے کچھ دیر بعد ہی اس کی حالت بگڑ گئی اور وہ چل بسا۔ بتایا جا رہا ہے کہ بارڈر فورس کے اہلکاروں نے جب اس کی تلاشی لی تو اس کے زیر جامہ میں کوکین برآمد ہوئی، جس کے بعد اسے گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتاری کے بعد جب اسے ایک مخصوص حراستی مقام پر رکھا گیا تو اس نے مبینہ طور پر منشیات نگل لیں جس کی وجہ سے اس کی طبیعت مزید خراب ہو گئی۔ طبی عملے نے فوری طور پر مدد فراہم کرنے (بقیہ نمبر 61)

ایچ ایم ڈھمہ کی کتاب 'سندھ آبپاشی انجینئرنگ۔ تاریخ، نظریہ اور عملی تجربات' کی تقریب رونمائی

کراچی (سی ایم لنکس) معروف انجینئر ایچ ایم ڈھمہ کی تحریر کردہ کتاب 'سندھ آبپاشی انجینئرنگ۔ کی تقریب رونمائی کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا تقریب میں نمایاں سیاسی و سماجی رہنماؤں کے ساتھ ساتھ اعلیٰ عہدے دار افسران نے بھی شرکت کی، مشہور انجینئر ایچ ایم ڈھمہ نے 1982 سے 1986 کے دوران اپنے وسیع تجربے کی روشنی میں سندھ اور مغربی پاکستان کے بڑے آبپاشی منصوبوں کی نگرانی کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کتاب تحریر کی۔ کتاب سندھ کے آبپاشی نظام کا تفصیلی تاریخی تجزیہ پیش کرتی ہے، جس میں سکھر، کوٹری اور (بقیہ نمبر 9)

PTI کی بنیادی خصوصیت بے شرمی، مثال عارف علوی ہیں، خواجہ آصف

عارف علوی نے دور صدارت میں انتخابات کو خود ہی دھاندلی زدہ کہا' اگر واقعی فنڈز کا غلط استعمال ہوا تو تب آواز کیوں نہیں اٹھائی

عارف علوی صدارت کی کرسی سے چمٹے رہے، جبکہ ان کی جماعت اعتماد کا ووٹ ہار چکی تھی' وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف

لاہور (اے ایف پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کی بنیادی خصوصیت بے شرمی ہے، اور اس کی واضح مثال عارف علوی ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری پوسٹ میں خواجہ آصف نے کہا کہ عارف علوی صدارت کی کرسی سے چمٹے رہے، جبکہ ان کی جماعت اعتماد کا ووٹ ہار چکی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عارف (بقیہ نمبر 52)

کام کے بہانے وارداتیں کرنیوالا خواتین کا گروہ گرفتار

خواتین اپنے بھانجے کے ساتھ بوستان کالونی میں واقع گھر میں کام کرتی تھیں

لاہور (آئی آئی پی) کوٹ لکھپت پولیس نے گھروں میں کام کرنے کے بہانے وارداتیں کرنے والا خواتین کا 3 رکنی ہاس رابر گینگ گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو ٹیلیفون لوکیشنز اور جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کر کے امرسدھو سے گرفتار کیا، 2 خواتین (بقیہ نمبر 54)

سندھ میں میٹرک امتحانات کے شیڈول میں ردوبدل کا فیصلہ

کراچی (آئی آئی پی) صوبہ سندھ میں میٹرک امتحانات کے شیڈول میں ردوبدل کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، مارچ میں شیڈول امتحانات اب رمضان المبارک اور (بقیہ نمبر 53)

عیسائیوں کے مذہبی پیشوا پوپ فرانس کی طبیعت پھر بگڑ گئی

ویٹی کن (آئی آئی پی) کیتھولک عیسائیوں کے مذہبی پیشوا پوپ فرانس کی طبیعت پھر بگڑ گئی۔ پوپ فرانس کی صحت سے متعلق ویٹیکن نے اپنے بیان میں کہا کہ پوپ (بقیہ نمبر 56)

چینی کا غزہ میں مستقل امن کیلئے دو ریاستی حل کی اہمیت کا اعادہ

عرب ممالک غزہ میں امن کی بحالی اور تعمیر نو میں چین کی مدد کی امید رکھتے ہیں

جوہانسبرگ (شنہوا) چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے کہا ہے کہ اسرائیلی۔ فلسطینی تنازعہ میں مستقل امن صرف دو ریاستی حل کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے جنوبی افریقہ کے جوہانسبرگ میں منعقدہ گروپ آف 20 (جی 20) وزرائے خارجہ (بقیہ نمبر 55)

180 سیٹیں جیتنے والا جیل، 17 سیٹیں جیتنے والا وزیراعظم ہے

کراچی (انٹرنیوز) پی ٹی آئی رہنما لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ عوام ہی حکمران ہیں، ہمارے ہاں بے راہ روی آ گئی ہے، بچے اور بچے کے ڈاکوں نے دھرتی ماں کو ڈھانچہ بنا کر رکھ دیا ہے۔ کراچی میں مزار قائد پر حاضری کے بعد پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لطیف کھوسہ نے کہا کہ 180 سیٹیں جیتنے والا اڈیالہ جیل اور 17 سیٹیں جیتنے والا وزیراعظم ہے، اس سے پہلے ایسا ظلم نہیں ہوا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 51)

بیوی کے قتل کی معافی مانگنے آیا 60 سالہ شخص سسرالیوں کے ہاتھوں قتل

حسن ابدال (اے ایف پی) حسن ابدال میں 60 سالہ شخص کو سسرالیوں نے قتل کر دیا۔ مقتول اپنی سسرال معافی مانگنے آیا تھا لیکن سالے نے فائرنگ کر کے جان لے لی۔ پولیس کے مطابق مقتول رحمان نے سال 2024 میں گھریلو ناچاقی پر اپنی اہلیہ کو قتل کیا تھا۔ (بقیہ نمبر 50)

کرم پاراچنار میں دھرنوں کی سربراہی کرنیوالے افراد گرفتار

گزشتہ تین روز میں 25 سے زائد مبینہ دہشت گردوں سمیت 70 سے زائد افراد، گرفتار' قافلے کا لوٹا ہوا سامان بھی برآمد

پاراچنار میں راستوں کی بندش کے خلاف احتجاج، لوئر کرم میں بکن متاثرین کا احتجاجی دھرنا، بنکرز مسماری کا عمل بھی جاری

پشاور (اے ایف پی) کرم کے علاقے بکن سے فورسز نے حاجی کریم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق حاجی کریم گزشتہ دو ماہ سے مندوری اور بکن کے علاقوں میں احتجاجی دھرنا دے رہا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گزشتہ تین روز سے جاری کارروائی میں 25 سے زائد مبینہ دہشت گردوں سمیت 70 سے زائد افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس دوران متعدد گھروں سے پاراچنار جانے والے کانوائے کا لوٹا ہوا سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے لوگوں کو کانوائے سے لوٹا ہوا سامان گھروں کے باہر رکھنے کا حکم دیا ہے جبکہ بکن، چارخیل، مندوری اور اوچت کے علاقوں کو خالی کرنے کا نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ ادھر پاراچنار میں راستوں کی بندش کے خلاف احتجاج جاری ہے۔ پریس کلب کے باہر احتجاجی دھرنا دینے والے سماجی رہنما سرتاج علی سرتاج کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ وہ پولیو کے باعث معذور اور احساس ویلفیئر آرگنائزیشن (بقیہ نمبر 66)

حکومت پنجاب

حکومت پنجاب کی جانب سے

پلاسٹک مینوفیکچررز، ریسائکلرز، ٹریڈرز اور سیلرز کی

آن لائن رجسٹریشن میں بڑی سہولت

بڑے شہروں میں

پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک کا قیام

پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک کا شیڈول

لاہور 24 تا 25 فروری	گوجرانوالہ 27 فروری	سیالکوٹ 28 فروری
ملتان 4 مارچ	بہاولپور 5 مارچ	ڈیرہ غازی خان 7 مارچ
فیصل آباد 11 مارچ	جھنگ 12 مارچ	راولپنڈی 15 مارچ

مزید سینکڑوں درخواستوں کی وصولی کیلئے، محکمے کا عملہ اب آپ کے شہر میں

اپنے شہر میں آن لائن رجسٹریشن کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں، سخت قانونی کارروائی سے بچیں

مزید معلومات کیلئے 0322-4474915,042-37897103-4 پر کال کریں

یا ویب سائٹ epd.punjab.gov.pk وزٹ کریں

Download GREEN PUNJAB APP

HELPLINE 1373

پلاسٹک مینجمنٹ سیل

محکمہ تحفظ ماحول و موسمیاتی تبدیلی حکومت پنجاب

SPL-365

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فوری انصاف: اہم اقدام

انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار کے مترادف ہے یہ ایسی حقیقت ہے جس کا مشاہدہ ہماری عدالتوں میں عام ہے۔ ایسی مثالوں کی کمی نہیں کہ عشروں طویل قید بھگتنے کے بعد ملزم بے گناہ قرار پا کر باعزت بری ہوگیا۔ تاہم جدید برق رفتار ذرائع اور انسانی مداخلت سے آزاد ٹیکنالوجی نے آج تمام کاروبار زندگی کی طرح نظام انصاف کو بھی انتہائی تیز رفتار اور بدعنوانی کے امکانات سے پاک رکھنے کی راہیں ہموار کردی ہیں۔ دنیا بھر میں ان جدید سہولتوں کے ذریعے معاملات میں سرکاری اہلکاروں کا عمل دخل کم سے کم کرکے ڈیجیٹائزیشن کو رائج کیا جارہا ہے۔ پاکستان میں بھی حکومت اس سمت میں پیش رفت کیلئے بڑی تندہی سے کوشاں ہے۔ محصولات کی وصولی کے نظام کو جدید طریق کار پر منتقل کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ کسٹم میں تشخیص کے نظام کو بے چہرہ اور خودکار بنادیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے اس حوالے سے گزشتہ روز جدید ٹیکنالوجی پر مبنی مقدمات کے نظام تفویض وانتظام کا افتتاح کرتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ نیا نظام شفافیت اور فوری انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ تقریب سے خطاب میں انہوں نے اس نظام کے نفاذ پر وزیر قانون اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی اور اس معاملے میں بھرپور تعاون پر کینیڈا اور اقوام متحدہ کے منشیات اور جرائم سے متعلق ادارے) یو این او ڈی سی (کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی نہ ہونے اور بدعنوانی کی وجہ سے کھربوں روپے خزانے میں جمع ہونے کی بجائے عشروں سے تاخیر کا شکار تھے تاہم موجودہ حکومت نے اپنے گیارہ ماہ میں نظام کی خامیوں کو دور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور اس مقصد کیلئے مزید اقدامات تیزی سے مکمل کیے جارہے ہیں۔ وزیراعظم نے انکشاف کیا کہ ان کوششوں کے نتیجے میں سندھ ہائی کورٹ نے صرف ایک دن میں 24 ارب روپے کے مقدمات کا میرٹ پر فیصلہ کیا ہے اور یہ رقم اب قومی خزانے میں جمع ہوگی نیز ایسی مزید رقوم کو قومی خزانے میں واپس لایا جاسکے گا۔ اس موقع پر یو این او ڈی سی کے کنٹری ڈائریکٹر نے صراحت کی کہ پاکستان جدیدیت کے راستے پر گامزن ہے اور نئے نظام سے فوری انصاف کی فراہمی ممکن ہوسکے گی جبکہ کینیڈا کی ہائی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کے ملک کا مکمل تعاون اس معاملے میں پاکستان کو حاصل رہے گا۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف نے بتایا کہ پاکستان میں ای گورننس کے فروغ کیلئے پیش رفت جاری ہے۔ حکومت کی کوششیں بلاشبہ معاشی استحکام کے حصول اور قرضوں پر انحصار ختم کرنے کے لیے ناگزیر ہیں۔ خوردہ فروش اس حوالے سے ایک بہت اہم طبقہ ہے ملکی معیشت جس کا حصہ 19 فی صد لیکن انکم ٹیکس کی ادائیگی میں صرف ایک فی صد ہے۔ تاہم یہ امر اطمینان بخش ہے کہ وزیراعظم ایسے تمام معاملات پر براہ راست توجہ دے رہے ہیں۔ جمعے کو پاکستان ریٹیل بزنس کونسل کے وفد سے ملاقات میں وزیراعظم نے خوردہ فروشوں کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے واضح کیا کہ ایسے ریٹیلر جو ٹیکس نیٹ میں موجود ہیں ان پر ٹیکس کا مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا تاہم جو ریٹیلر ٹیکس نہیں دیتے انکو نیٹ میں لانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اس ضمن میں نقد خرید و فروخت کے بجائے تمام مالی لین دین کے لازماً آن لائن انجام دیے جانے پر بھی کام جاری ہے۔ یہ توقع بے جا نہیں کہ یہ اقدامات قومی معیشت کی بہتری میں بہت مثبت کردار ادا کرینگے لیکن محصولات میں اضافے کے ساتھ ساتھ ان کے درست استعمال کا یقینی بنایا جانا اور ٹیکس ادا کرنیوالوں کو دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں کی طرح خصوصی مراعات کا فراہم کیا جانا بھی ضروری ہے۔ اسی صورت میں ملک کے ہر شہری میں بخوشی ٹیکس کی ادائیگی کا جذبہ پیدا ہونا ممکن ہے اور اسی طرح پورے معاشرے میں ٹیکس کلچر عام ہوسکتا ہے۔

سرسبز چولستان

چولستان، وطن عزیز کا صحرائی خطہ ہے، جو جنوبی پنجاب میں بھارتی صوبہ راجستھان سے جاملتا ہے۔ پانی کی کمیابی کے باعث اس کا بڑا حصہ زراعت سے محروم ہے جبکہ اردگرد کا علاقہ پانی، قابل کاشت اور زرخیز رقبے کی بدولت کپاس سمیت انتہائی نقد آور اجناس پیدا کررہا اور قومی آمدنی میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے اشتراک سے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کے ہمراہ گزشتہ ہفتے چولستان میں کنڈائی اور شاپو کی لاکھوں کنال بنجر اراضی زیر کاشت لانے کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام کے تحت کسانوں کو معیاری بیج، کھاد اور کیڑے مار ادویات فراہم کی جائیں گی، اس کے توسط سے خطے کے لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گیا ور زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا جبکہ آبپاشی کیلئے ارسا نے 4 لاکھ 50 ہزار ایکڑ فٹ پانی فراہم کرنے کی منظوری دی ہے۔ اس غرض سے پنجاب حکومت ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر دریائے ستلج سے نہر نکالے گی۔ منصوبے کے مطابق سیلابی موسم کے دوران رسول قادرآباد، قادرآباد بلوکی اور بلوکی سلیمانکی لنک چینلز کے ذریعے جہلم اور چناب دریاؤں سے پانی سلیمانکی ہیڈ ورکس تک پہنچایا جائے گا جبکہ چولستان کیلئے دریائے سندھ کا پانی استعمال نہیں ہوگا۔ دوسری طرف ارسا سندھ کی طرف سے بعض تحفظات کا اظہار کیا جارہا ہے۔ پاکستان کسان اتحاد نے اس منصوبے کو ملک کی اہم ترین ضرورت قرار دیا ہے اور اس کے مطابق اس سے سالانہ 10 سے 12 ارب ڈالر کے درآمدی اخراجات بچانے میں مدد ملے گی۔ واضح رہے کہ غیر ملکی عناصر کی سازش سے کالا باغ ڈیم کی تعمیر ایک سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے، جبکہ موسمی تبدیلیوں کے باعث زرعی شعبے کو خیبر سے کراچی تک پانی کی چیلنجوں کا سامنا ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مل کر یہ مسئلہ بلا تاخیر حل کرنا چاہئے۔

امریکہ .....!

کر رہے ہیں ٹرمپ صاحب کیا
آپ امریکہ ایکدم تبدیل؟
کر نہ ڈالیں کہیں عوام الناس
آپ کو صدر محترم !تبدیل

انور شعور

ریاست کا چہرہ کب گلاب ہوگا؟

مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

ایک نانا یا دادا اپنے نومولود نواسے یا پوتے کو بے پناہ محبت سے مسکراتے ہوئے دیکھ رہا ہے اسکے گال پیار سے سہلا رہا ہے نومولود کی ماں کی آنکھوں میں والہانہ مسرت ہے جو اس بزرگ کی بیٹی ہے یا بہو۔ ہسپتال کا ماحول بھی مسکرانے لگا ہے یہ فطرت کے مقاصد کی نگہبانی ہو رہی ہے ایک نسل سے یگانگت تیسری نسل کو منتقل ہو رہی ہے۔ قدرت کا اپنا نظام ہے نانا یا دادا کی گفتگو میں جو اپنائیت ہے لگن ہے رچاؤ ہے وہ دیکھنے کو آنکھیں ترس جاتی ہیں۔ ذمہ داری ایک ریاست اور اسکے اداروں کی ہوتی ہے۔ 21 ویں صدی میں تو یہ فرائض اور بھی زیادہ نازک گہرے اور ناگزیر ہوگئے ہیں۔ زمانے کی تیز رفتاری، آبادی کے بڑھتے دباؤ میں انسانوں میں آپس میں قربت اور مفاہمت زیادہ لازم ہوگئی ہے۔ ہر طرف مشینیں ہیں برقی آلات ہیں۔ ان میں ہر عمر کے انسان گھرے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نائب حضرت انسان مشینوں کا محتاج ہوتا جارہا ہے۔ مصنوعی ذہانت مصنوعی مامتا مصنوعی آغوش، اصل ذہانت حقیقی مامتا سچی گود کی نعم البدل نہیں ہوسکتی ہے۔

ہم الخدمت ہسپتال ناظم آباد کی انتظارگاہ میں ہیں۔ کراچی کی بیٹیاں پورے برقعوں میں عام لباس میں اپنے اپنے نومولود سینے سے لگائے آرہی ہیں۔ سب کے چہروں پر ایک اعتماد ہے آنکھوں میں بھروسہ۔ کارکن ڈاکٹر اپنی اپنی جگہ مستعد اپنے مقصد پر نظریں جمائے، کوئی افراتفری نہیں ہے شکوے شکایتیں نہیں ہیں۔ ایک روز پہلے ہم نے تشخیص گاہ میں یہی عالم شوق دیکھا تھا۔ بیماریوں کی تشخیص کی تجربہ گاہیں مشینیں سب موجود ہیں سب کچھ ایک نظم وضبط کے تحت ہو رہا ہے خوشی ہوتی ہے کہ ہم اپنی زندگی میں اپنی عظیم مملکت میں باقاعدگی اور مہربانی کے کچھ جزیرے دیکھ رہے ہیں۔ ریاست کے اکثر فرائض غیر حکومتی ادارے غیر ریاستی تنظیمیں بہت کمال عنایت سے انجام دے رہے ہیں۔ اپنے ہم وطنوں کی عزت نفس کو مجروح نہیں ہونے دے رہے۔ سرکاری ادارے میں تو کلرک جونیئر ہو یا سینئر نائب قاصد بھی فرعون بنے گھومتے ہیں بڑے افسر تو کسی عام انسان سے گفتگو کے بھی روادار نہیں ہوتے۔ یہی رویہ عوام اور حکومت، خلق خدا اور ریاست کے درمیان دوریاں پیدا کرتا ہے۔ سب سے پہلے تو ہمیں انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈزیز زادارہ برائے امراض قلب کے کنٹینر میں جانے کا اتفاق ہوا۔ دل سے کلمہ تحسین کہ سندھ حکومت نے بیماری دل کا علاج ہماری دہلیز تک پہنچا دیا ہے گارڈ سے لیکر ڈیوٹی ڈاکٹر تک سب کے چہروں پر ایک مہربان مسکراہٹ۔ کوئی کسی کو نہیں جانتا نہ ہم کسی کو اپنے بارے میں کچھ بتا رہے ہیں۔ یہاں رشتہ یہی ہے کہ ایک طرف ریاست کے نمائندے حکومت کے کارکن اور دوسری طرف ایک عام پاکستانی، یہ سب ہر ایک کے ساتھ اسی عزت و احترام سے پیش آرہے ہیں باری باری، کسی سے کوئی امتیازی سلوک نہیں۔ البتہ کسی کی حالت اگر نازک ہے تو اس کو ترجیح دی جاسکتی ہے۔ ڈاکٹر بھی متوجہ نرس بھی، تجربہ قلب فشار خون جانچنے والے سب بہت ہی لگن سے مخاطب ہو رہے ہیں، کسی کے ہاتھ میں اسمارٹ فون نہیں ہے۔ ادارہ برائے امراض قلب میں بھی اگلے دن ایسے ہی سلوک کا نظارہ ہوتا ہے لیکن وہاں بہت ہجوم ہے افراتفری ہے۔ ادارہ برائے امراض قلب نے ایسے تشخیصی گوشے کراچی سمیت سندھ کے سب شہروں میں قائم کردیے ہیں۔ کوئی سندھ حکومت کو سیاسی لسانی سماجی طور پر پسند نہ بھی کرتا ہو مگر ان تشخیصی گوشوں کی بدولت سندھ حکومت کیلئے ایک تحسین کا جذبہ پیدا ہوجاتا ہے۔ میں جو جذبات محسوس کر رہا ہوں ان گوشوں میں دل کی تیز دھڑکنیں لے کر پہنچنے والے بھی یقیناً یہی احساسات رکھتے ہوں گے۔ کنٹینروں سے صرف ریلیوں کو روکنے کی ہی نہیں ایسی خدمات بھی لی جاسکتی ہیں۔ کنٹینر مہربانی میں حائل نہیں بلکہ محبت کے حامل بھی ہوسکتے ہیں۔ ہم آپس میں گفتگو کر رہے ہیں کہ بیشتر سرکاری اداروں میں یہ مہربان نگاہیں کیوں نظر نہیں آتیں اور تمام سہولتوں کے باوجود پاکستانیوں کو راحت کیوں نہیں ملتی ہے۔ یہاں نانا دادا کے چہرے پر جو والہانہ مسکراہٹ ہے وہ ریاست کے چہرے پر کیوں نہیں ہے۔ حکمرانوں کی آنکھوں میں مروت کے بجائے رعونت کیوں ہے۔ سرکاری محکموں میں بھی نگراں موجود ہوتے ہیں جن کی ذمہ داری پبلک اور سرکاری افسروں کے درمیان سلوک اور برتاؤ دیکھنا ہوتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں جوں جوں اشرافیہ وجود میں آتی رہی ہے اصل حکمرانوں کی جگہ پسندیدہ حکمران مسلط کیے گئے ہیں ان سب کا اپنا ایک لشکر ہوتا ہے جو ایک عرصے سے منتظر ہوتا ہے، انکو مختلف محکموں میں کھپانا ہوتا ہے چاہے وہ اس کے اہل ہوں یا نہیں۔ بڑے بڑے کلیدی عہدے نگراں ڈیوٹیاں سب اسی طرح بانٹ دی جاتی ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انہیں اپنی پارٹی کی آبرو کا خیال ہوتا ہے نہ ہی اپنے پارٹی سربراہوں کے وقار کا۔ موٹروے، ادارہ برائے امراض قلب اور چند ایک دوسرے ایسے سرکاری مقامات غنیمت ہیں اور یہ اس قوی امکان کی نشاندہی بھی کرتے ہیں کہ اگر ماحول سازگار ہو اور افسر اہل ہوں تو ہمارے پاکستانی ذمہ دار ریاستوں کے شہریوں کی طرح ایک مستحکم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ آج اتوار ہے اپنے بیٹوں بیٹیوں پوتوں پوتیوں نواسوں نواسیوں بہوؤں دامادوں کے ساتھ دوپہر کے کھانے پر بیٹھنے حالات اور معمولات پر تبادلہ خیال کا دن۔ ملک میں کیا ہو رہا ہے دنیا پر کیا گزر رہی ہے۔ شعبان المعظم کی ساعتیں اختتام پانے والی ہیں۔ رمضان المبارک برکتیں رحمتیں مغفرتیں لیکر آرہا ہے۔ اب دوپہر کے کھانے کے بجائے اہل خانہ افطار پر اکٹھے ہوں گے۔ یہ مہینہ کتنی تجلی لے کر آرہا ہے۔ آپ کو ہم کو سب کچھ سمیٹنا ہے۔ اپنے معبود حقیقی سے لو لگانی ہے، سراسی کے سامنے جھکانا ہے۔ رمضان ملت اسلامیہ کو یہ بھی دعوت دیتا ہے کہ مل جل کر جہاں جہاں کلمہ طیبہ کے ماننے والے یا عام انسان مشکلات سے دوچار ہیں، انکی آسانی کیلئے کوششیں کی جائیں۔ مظالم کا تسلسل روکا جائے۔ اپنا خام مال مسلمان ریاستیں اپنی مصنوعات کیلئے استعمال کریں۔ حقیقی مینڈیٹ حاصل کر کے ہی آزادی حاصل کی جا سکتی ہے اور اقتصادی آزادی ہی حقیقی آزادی ہے۔ اسکا حصول ہی ریاست کو حقیقی طاقت اور اصل خودمختاری دے سکتا ہے۔ اکثر مسلمان ملکوں میں عوامی مینڈیٹ کا احترام نہیں کیا جاتا۔ کشمیری عوام کے حقوق مودی انتظامیہ غصب کر رہی ہے۔ بہادر فلسطینی لوگوں کے اختیارات یہودیوں نے چھین رکھے ہیں اور قتل عام روا رکھا ہے مگر مسلمان حکمران چونکہ اپنے لوگوں کو ہی اختیارات دینے سے گریز کرتے ہیں اسلئے فلسطینی، کشمیری نسل در نسل جبر و استبداد کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ اس رمضان کے مقدس دنوں میں ہر عبادت میں ہمیں اپنے حقوق اور اقتصادی آزادی کے حصول کے ساتھ ساتھ فلسطینیوں اور کشمیریوں کی حقیقی آزادی کیلئے بھی دل کی گہرائی سے دعا کرنا ہے۔

☆☆☆

مینوں نوٹ وکھا



منصور آفاق
دیوار پہ دستک

سنا ہے آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ قرضوں کا بوجھ پاکستان کیلئے چیلنج ہے۔ آئی ایم ایف اس پرانی اور خوبصورت دوست جیسا ہے جو بن بلائے بزم میں آجاتی ہے (نقدی سے بھریوٹ کیس کیساتھ)۔ یہ الگ بات کہ رخصت ہونے پر ذمہ داریوں کا ایک بار گراں پیچھے چھوڑ جاتی ہے۔ ہم جنہیں قرض لوٹانے کیلئے بھی قرض لینا پڑتا ہے۔ ہر چند سال بعد، آئی ایم ایف کے دروازے پر ایستادہ ہوتے ہیں کہ اے مری ہم رقص !مجھ کو تھام لے، زندگی سے بھاگ کر آیا ہوں میں۔ پلیز ایک بار پھر۔ پلیز آخری بار۔ آئی ایم ایف اپنی ادائیں دکھانے لگتا ہے۔ نخروں کی مہک بکھر بکھر جاتی ہے مگر جب بھی ہم اپنی قرض کی مے پینے کی عادت چھوڑنے پر سنجیدگی سے غور کرنے لگتے ہیں تو وہ کبھی مالی استحکام اور معاشی اصلاحات کے میٹھے میٹھے نغمے سنانے لگتا ہیاور کبھی دیوالیہ ہونے کا خوف دلا کر ہمیں رقص گاہ سے باہر نہیں نکلنے دیتا۔ آخر ہم رقص جو ہے۔ یہ بھی سچ ہے کہ اس نے ہمیں کبھی مکمل مایوس نہیں کیا۔ ہمیشہ کچھ نئی شرائط کے ساتھ کچھ اور قرض فراہم کردیتا ہے اور ہم خوش ہو جاتے ہیں کہ وطن عزیز میں ڈالر آگئے۔ معجزانہ معاشی تبدیلی کی امید کا جشن بپا ہوجاتا ہے۔ پائیدار ترقی کے نعرے گونج اٹھتے ہیں۔ ہمیں یہ جان کر ایک عجیب سا سکون محسوس ہونے لگا ہے کہ معاشی منظر نامہ کتنا ہی سنگین کیوں نہ ہو، آئی ایم ایف جیسا ہم رقص موجود ہے۔ یعنی ایک نہ ختم ہونے والا رقص، بین الاقوامی مالیات کے عظیم ہال روم میں جاری ہے۔ ایک بھنگڑا جو دہائیوں سے ڈالا جارہا ہے۔ جب بھی موسیقی بدلتی ہے، پاکستان کو آئی ایم ایف بڑی نفاست سے گھماتا ہے۔ یہ ایک ایسا رقص ہے جہاں دونوں پارٹنر مسلسل توقعات کی حالت میں نظر آتے ہیں، پاکستان امداد کا انتظار کر رہا ہیاور آئی ایم ایف اپنے حصے کے مال غنیمت کا انتظار کر رہا ہے۔ پاکستان جب بھی آئی ایم ایف کے بنگلے کی گھنٹی بجاتا ہے، تو لوٹ کر آنے والے سابق پارٹنر کی طرح ہر سوال کے جواب میں یہی کہتا ہے کہ اب حالات مختلف ہوں گے۔ اب میں ہر وعدہ پورا کروں گا۔ بس ایک موقع اور۔

دوسری طرف آئی ایم ایف کی گفتگو سے بھی لگتا ہے کہ اس کی تجویز کردہ اصلاحات جادوئی گولیاں ہیں جو پاکستان کی قسمت بدل دیں گی۔ ایک حد سے زیادہ پرجوش شیف کی طرح جس کا چہرہ کہہ رہا ہوتا ہے کہ ایک چٹکی بھر مالی کفایت شعاری اور پرائیویٹائزیشن کا ایک ٹکڑا ڈش کو عمدہ کھانے میں بدل دے گا۔ مجھ پر بھروسہ کریں، یہ نسخہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ دریں اثنا، کھانے والے حیران رہ جاتے ہیں کہ ان کے پہلے مانوس کھانے کا ذائقہ اب بجٹ میں کٹوتیوں اور ٹیکسوں میں اضافہ کی طرح مشکوک کیوں ہے۔

وہ جب کہتا ہے کہ سبسڈی کو کم کریں تو لگتا ہے گویا سپورٹ میں کٹوتی طلسماتی طور پر معاشی چمک کو جنم دے گی۔ اس طرف سبھی آواز آتی ہے کہ سرکاری اداروں کو فروخت کریں۔ تو لگتا ہے ان اداروں کا خاتمہ ایک نئے دور کی تمہید بننے والا ہے۔

کبھی کبھی میں سوچتا ہوں کہ پاکستان کے آئی ایم ایف کے ساتھ تعلقات کی ستم ظریفی ایک نہ ختم ہونے والے مذاق میں حتمی پنچ لائن ہے۔ یہ ایک ایسی کہانی ہے جس میں کلاسک کامیڈی کے تمام عناصر ہیں۔ غیر متوقع موڑ دکھاتے ہیں۔ بار بار آنے والے کردار موجود ہیں۔ واقعات کا ایک سلسلہ جو بظاہر مضحکہ خیز ہونے کے باوجود ایسی حقیقت پر مبنی ہے جسے نظرانداز کرنا مشکل ہے۔

میرے جیسے لوگ جو اقتصادی رولر کوسٹر سے تنگ آچکے ہیں مگر آئی ایم ایف کے پیچیدہ حالات میں بلند عزائم ان کیلئے تفریح کا ایک مستقل ذریعہ ہیں۔ ایک کہاوت ہے، تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ تبدیلی کیلئے آئی ایم ایف کا نسخہ ایک ناقص سٹ کام اسکرپٹ کی طرح ہے۔ جسے بار بار فلمایا جارہا ہے۔ یہ قسط وار ڈرامہ مسلسل چل رہا ہے۔ اس کے ختم ہونے کا کوئی امکان نہیں۔ ہر قسط نئے قرض کا اعلان کرتی ہے۔ نئی ترقی کی گفتگو کے ساتھ۔ نئی اصلاحات کی ایک پیش رفت لیے ہوئے۔ ہر معاشی بحران کے مقابلہ کا سلوگن ہاتھ میں اٹھائے ہوئے۔ ہمارے لئے یہ اعلان مسرتوں کی کمک ثابت ہوتا ہے کہ آؤ ہم پھر سے رقص کرتے ہیں۔ رقص کی یہ پرفارمنس اتنی مقبول ہوچکی ہے کہ دیکھنے والوں نے ایک ایک اسٹیپ ازبر کرلیا ہے۔

ہم مقروض ہیں۔ بیشک ہمیں ہنسنے کا کوئی حق نہیں مگر کیا کریں ہنسی بہترین دوا ہے۔ ہم بڑے سے بڑا قرض بھی ہنسی میں اڑا دینے کی ہمت رکھتے ہیں۔ ہم مالی خسارے سے نکلیں یا نہ نکلیں۔ ہماری معاشی حالت ٹھیک ہو یا نہ ہو۔ ہمیں آئی ایم ایف پر ہنسنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے تعلقات بھلے مالیاتی ستم ظریفیوں سے بھرے ہیں ہم پاکستانی مشکلات کے باوجود معاشی انتشار کے کنارے پر مسکراہٹ کے ساتھ رقص کرتے رہتے ہیں۔ اور جب بھی آئی ایم ایف اپنی نئی شرائط ظاہر کرتا ہے تو ہماری ہنسی قہقہے میں بدل جاتی ہے۔ ہمیں بجلی مہنگی کرنے سے، پٹرول کی قیمت بڑھانے سے، غریب کسانوں پر ٹیکس لگانے سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ بے شک عالمی مالیات کے عظیم تھیٹر میں، آئی ایم ایف مستقل ظالمانہ مزاحیہ کردار ادا کر رہا ہے، لیکن پاکستان نے بار بار ثابت کیا ہے کہ اس میں محظوظ کرنے کی صلاحیت سے کہیں زیادہ ہے۔ بہرحال دونوں طرف کا ماٹو یہی ہے مینوں نوٹ وکھا۔

☆☆☆

کانٹ اور شوپنہار میں سے کون درست؟

ذرا ہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
SMS: #YPC (space) message & send to 8001
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

کوئی شخص نیکی کیوں کرتا ہے؟ کسی بچے کو بھوک سے بلکتے دیکھ کر ہمارا دل کیوں پسیج جاتا ہے؟ کیا کسی مستحق آدمی کی مدد کرنا محض اس لیے ضروری ہے کہ آخرت میں ثواب ہوگا؟ اگر ثواب کا لالچ نہ ہو تو کیا لوگ مفلسوں کی دادرسی کرنا چھوڑ دیں گے؟ کیا اخلاقیات کسی ماورائی ہستی کی عطا کردہ ہیں یا انسان نے اخلاقیات کا نظام وقت گزرنے کے ساتھ اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق وضع کیا ہے؟

فلاسفہ نے اِن سوالات پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ کانٹ کا کہنا تھا کہ مذہب اور اخلاقیات کو آپس میں گڈمڈ نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ہر مذہب کا اپنا اخلاقی کوڈ ہے جو ایک دوسرے سے متصادم بھی ہوسکتا ہے لہٰذا اخلاقیات کو خالص عقلی پیمانے پر جانچنا چاہیے اور اِس بات سے ماورا ہو کر فیصلہ کرنا چاہیے کہ کوئی مذہب کسی عمل کے بارے میں کیا حکم لگاتا ہے۔ یعنی آپ کے مذہبی خیالات چاہے کچھ بھی ہوں، آپ کسی مذہب میں یقین رکھتے ہوں یا نہ رکھتے ہوں، اخلاقی پیمانہ ہر کسی کیلئے یکساں ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ وہ اخلاقی پیمانہ کیا ہو؟ اِس سوال کا کانٹ نے بہت دلچسپ جواب دیا۔ اس نے کہا کہ اخلاقی سچائیاں آفاقی ہوتی ہیں تاہم ضروری نہیں کہ ہمارے تمام اعمال اخلاقی ہوں، مثلاً مضمون لکھنا ایک عمل ہے لیکن میرے پاس یہ اختیار ہے کہ میں یہ مضمون نہ لکھوں، اِس سے کسی کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، اسی طرح اگر کوئی شخص یہ فیصلہ کرے کہ اس نے کاروبار کرنا ہے یا نوکری تو یہ بھی اس کا اپنا فیصلہ ہوگا، کچھ لوگ اِن دونوں میں سے کوئی کام نہیں کرتے اور وہ کمال کرتے ہیں۔ یہ مثالیں ایسے اعمال کی ہیں جن کے کرنے یا نہ کرنے سے کوئی اخلاقی سوال پیدا نہیں ہوگا کیونکہ اِن اعمال کا محرک ہماری خواہشات ہیں، اِسے کانٹ Hypothetical Imperative کہتا ہے جسے ہم امرِ فرضی یا امرِ مشروط کہہ سکتے ہیں کیونکہ یہ اعمال کسی نہ کسی خواہش سے مشروط ہیں۔ لیکن جہاں بات اخلاقیات کی ہو وہاں انسان کے پاس آپشن نہیں ہوتا کہ وہ اپنی مرضی سے کسی بات کا فیصلہ کرے، اسے وہی کرنا ہوگا جو اخلاقی اعتبار سے درست ہوگا، اسے کانٹ نے Categorical Imperative یعنی امرِ حتمی کا نام دیا۔ اس نے کہا کہ اخلاقی کوڈ انسان کی خواہش کے تابع نہیں، اخلاقی قوانین کا اطلاق ہر شخص پر ہر وقت ہوتا ہے، اور اخلاقی قوانین کا یہ سیٹ جاننے کیلئے کسی مذہب کی ضرورت بھی نہیں، انسان محض عقلِ سلیم سے جان سکتا ہے کہ کون سی بات اخلاقی اعتبار سے درست ہے اور کون سی غلط۔ کانٹ چونکہ ایک پیچیدہ فلسفی ہے اِس لیے مختصر سے مضمون میں اس کے اخلاقی فلسفے کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا، صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ کانٹ آفاقی اصول میں یقین رکھتا تھا، یعنی اگر کوئی بات اخلاقی اعتبار سے غلط ہے، تو وہ ہر صورتحال میں غلط ہی رہے گی اور کسی بھی جذباتی یا غیر جذباتی حالت میں کوئی استثنیٰ پیدا نہیں کیا جائے گا۔

کانٹ کے بعد انٹری ہوئی آرتھر شوپنہار کی۔ شوپنہار نے اخلاقیات کے بارے میں کیا فلسفہ پیش کیا جو کانٹ سے مختلف تھا؟ شوپنہار نے ایک کتاب لکھی جس کا نام تھا The two Fundamental Problems of Ethics جس میں دو مضامین شامل تھے، اِن مضامین میں یہ بحث کی گئی کہ کیا انسان کو اس کے اعمال کا ذمہ دار ٹھہرایا بھی جاسکتا ہے یا نہیں اور یہ کہ انسان کی اخلاقی ذمہ داریوں کا تعین محض اِس کسوٹی پر نہیں کیا جاسکتا کہ اسے کیا کرنا چاہیے بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ لوگ عمومی حالات میں کیا کرتے ہیں۔ گویا ایک طرح سے شوپنہار نے کانٹ کے فلسفہ اخلاقیات سے اختلاف کیا، اس نے کہا کہ ہمارا ہر عمل دو بنیادی ذرائع سے جنم لیتا ہے، ہمارا ذاتی کردار اور کسی مخصوص صورتحال میں ہمارا مقصد جو ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ شوپنہار کہتا ہے کہ آپ کا کردار ایک ایسے عدسے کی مانند ہے جس کے ذریعے آپ دنیا کو دیکھتے ہیں، چونکہ ہم اِس عدسے کے محتاج ہیں سو ہمیں یہ دنیا ویسی ہی نظر آتی ہے جیسے یہ عدسہ ہمیں دکھاتا ہے اور یوں ہم کسی صورتحال میں وہی فیصلہ کرتے ہیں جس طرح ہم اس صورتحال کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ مثلاً کچھ لوگ مذہبی احکامات کے تابع غریبوں کی امداد کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے مذہبی عدسہ پہنا ہوتا ہے جبکہ کچھ لوگ محض اپنی فطرت کی بنا پر مصیبت میں مبتلا افراد کا ہاتھ تھام لیتے ہیں، اور چونکہ یہ اعمال آپ کی بنیادی فطرت کا مظہر ہوتے ہیں اِس لیے آپ نے اِس ردعمل کا انتخاب آزادانہ طور پر نہیں کیا ہوتا جبکہ محسوس ایسے ہی ہوتا ہے کہ فیصلہ آپ نے مرضی سے کیا ہے۔ یہاں وہی پرانا سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر انسان اپنے اعمال میں آزاد ہی نہیں تو پھر اس کا احتساب کیوں کر ہو؟ شوپنہار اِس گتھی کو یوں سلجھاتا ہے کہ کسی انسان کے اعمال دراصل اس کی حقیقی فطرت کا اظہار ہیں، کوئی شخص خودغرضی کی بنا پر عمل کرے یا بھلائی کے جذبے سے مغلوب ہو کر، وہ دراصل اپنے کردار کا اظہار کر رہا ہوتا ہے اور اسی کردار کے حوالے سے اس کی اخلاقی ذمہ داری جنم لیتی ہے۔ سادہ الفاظ میں یوں سمجھیں کہ اگر آپ واقعی اپنے فیصلوں میں خودمختار ہونا چاہتے ہیں تو پھر ضروری ہے کہ آپ اپنے کردار کی تعمیر کریں، اگر آپ کے اعمال اِس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آپ کون ہیں تو پھر خود کو دھیرے دھیرے تبدیل کرنا بھی آپ کا ہی فرض ہے۔ دوسری بات جو شوپنہار نے کی وہ انسان کا جذبہ ترحم ہے، دیگر فلسفیوں کے برعکس، جن کے نزدیک اخلاقیات میں جذبات کی گنجائش نہیں اور جو اخلاقی فیصلے صادر کرتے وقت عقل اور منطقی اصولوں کو ترجیح دیتے ہیں، شوپنہار کے نزدیک عقل کو تمام اختیار دینا بھی کوئی دانشمندی نہیں کیونکہ وقت آنے پر کائیاں لوگ ہر بات کا منطقی جواز تراش لیتے ہیں اور نہایت آسانی کے ساتھ اخلاقی ذمہ داریوں سے خود کو بری الذمہ کر لیتے ہیں۔ شوپنہار نے آگے چل کر یہ بھی بتایا کہ اخلاقی فیصلہ کرتے وقت انسان پر تین قسم کے جذبات اثر کرسکتے ہیں، پہلا ذاتی مفاد، دوسرا عناد اور تیسرا جذبہ ترحم۔

چونکہ یہ بحث کافی طویل ہے اِس لیے میں یہیں بحث چھوڑ رہا ہوں، کانٹ اور شوپنہار میں سے کون درست ہے، یہ فیصلہ آپ فارغ وقت میں کر سکتے ہیں، اور اطمینان رکھیں یہ Hypothetical Imperative ہے، یعنی اگر آپ یہ فیصلہ نہیں بھی کریں گے تو کوئی فرق نہیں پڑے گا، البتہ اگر آپ کسی کو اس کے مذہب کی بنیاد پر اپنی مدد کا مستحق نہیں قرار دیں گے تو یہ ایک اخلاقی فیصلہ ہوگا، یعنی Categorical Imperative، جس کی جواب دہی آپ کو کرنی ہوگی۔

وفاداری اور غلامی میں فرق

عرفان اطہر قاضی

ہم کوئی غلام ہیں کا نعرہ بلند کرنے والے بانی پی ٹی آئی کی جماعت غلاموں کی منڈی بنتی جارہی

بقیہ نمبر 1

کے بعد ڈیری فارمنگ سے پنجاب میں زرعی انقلاب کی رفتار مزید تیز ہوگی، غریب اور سیلاب متاثرہ علاقوں میں ڈیری مصنوعات کا منصوبہ شروع ہونے سے چھوٹے کسان اور خواتین خوشحال ہوں گے،15 ہزار لائیو سٹاک کارڈز اور 80 ارب روپے کی سبسڈی سے کسان اور زراعت کو فائدہ ہوا۔ان کا کہنا تھا کہ آسان قیمت پر ٹریکٹر، زرعی مشینوں کی فراہمی سے پنجاب میں زراعت فروغ پا رہی ہے،سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے اٹلی کے ڈیری کے شعبے کے سرمایہ کار وفد کی آمد اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔وزیر لائیو سٹاک عاشق حسین نے اٹلی کے وفد کو وزیراعلیٰ پنجاب کے منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی، اٹلی کا دنیا میں زرعی اور ڈیری مصنوعات کے حوالے سے بڑے ممالک میں شمار ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 2

ہیں۔غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے 5.3 ارب ڈالر کی منجمد شدہ غیر ملکی امداد میں سے زیادہ تر سکیورٹی اور انسداد منشیات پروگراموں کے لئے فنڈز جاری کئے ہیں جبکہ انسانی ہمدردی کی امداد کے لئے محدود فنڈز فراہم کئے گئے ہیں۔امریکی کانگریس کے ایک عہدیدار کے مطابق پاکستان میں امریکی حمایت یافتہ پروگراموں کے لئے 397 ملین ڈالر مختص کئے گئے ہیں۔ یہ فنڈز خاص طور پر ایف 16۔طیاروں کے استعمال کی نگرانی سے متعلق ہیں۔غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یو ایس ایڈ کے پروگراموں کے لئے 100 ملین ڈالر سے کم فنڈز جاری کئے گئے ہیں جبکہ ریڈ کراس کے لئے علیحدہ سے 56 ملین ڈالر فراہم کئے گئے ہیں۔یاد رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد غیر ملکی امداد روکنے کا حکم دیا تھا تاہم اب یہ فنڈز جاری کئے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 3

بڑھتے فرق کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اربوں روپے کا منافع کمایا۔وزارت خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ایف بی آر نے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے کے بعد ایک ہی دن میں رقم وصول کی، یہ رقم انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 99 ڈی کے تحت وصول کی گئی۔وزارت خزانہ نے کہا کہ حکومت نے عام آدمی پر بوجھ ڈالے بغیر منصفانہ اور مساوی ٹیکس نظام یقینی بنایا، یہ سنگ میل وزیراعظم کی مضبوط اور دانشمندانہ قیادت کی وجہ سے ممکن ہوا۔ونڈ فال ٹیکس حکومت کو معاشی بے ضابطگیوں کی وجہ سے غیر متوقع طور پر حد سے زیادہ کمائے گئے منافع پر 50 فیصد ٹیکس عائد کرنے کا جواز دیتا ہے۔باخبر ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر قیادت ٹیکس ریکوری کا یہ بڑا آپریشن ٹیم ورک کا نتیجہ تھا، جس میں گورنر اسٹیٹ بینک نے فعال کردار ادا کیا۔ذرائع کا کہنا تھا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے نتیجے میں سپریم کورٹ اور تمام ہائی کورٹس میں آئینی بینچز کی تشکیل کے نتیجے میں ٹیکس سے امور سے جڑے کیسز کی رفتار میں تیزی آئی۔

بقیہ نمبر 4

میں دہشت گردی کو ن لیگ نے بند کر دیا، دہشت گردی کیسے واپس آئی؟ جنوبی کے پی کے ساتھ پنجاب میں دہشت گردوں کی واپسی ہوئی، دہشت گرد کسی کے دوست نہیں بلکہ لوٹ مار اور بھتہ لینے والے ہیں، ٹی ٹی پی تو پاکستان کی سالمیت کے خلاف ہے۔عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ اے پی ایس حملہ پر نظریہ بنایا گیا، ٹی ٹی پی نے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کیں اور ملک میں بدامنی پھیلائی، اللہ کے ہاتھ میں زندگی ہے، دہشت گرد برے لوگ ہیں اب انہیں جڑ سے اکھاڑ کر پھینکیں گے، دہشت گردوں نے تو چھوٹے بچوں کو شہید کیا تو وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ جب 90 کی دہائی میں لاہور اسلام آباد موٹروے بنی تو اس کی شدید مخالفت کی گئی لیکن پاکستان میں موٹروے کی بنیاد انفرا اسٹرکچر کی ترقی کی جانب اہم پیشرفت تھی، آج اسی موٹروے کے ذریعے لوگ بآسانی سفری سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔موٹروے کی تعمیر کے وقت بہت شور شرابا کیا گیا اور لیپ ٹاپ تقسیم کیے تو اس پروگرام پر بھی مخالفت کی گئی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ نوجوانوں کو یہ جاننا ضروری ہے کہ پاکستان کا قیام کیوں ضروری تھا؟ اس ملک کی بنیادوں میں لاکھوں لوگوں کا خون شامل ہے، آزاد وطن کے لیے لاکھوں افراد نے بہت مصائب برداشت کیے، دوقومی نظریہ ایک حقیقت ہے۔انہوں نے کہا کہ سرحد پار اقلیتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے اس لیے دوقومی نظریے کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی پہلے کبھی نہیں ہوئی۔غزہ، فلسطین اور کشمیر میں مظالم کا نام لیں تو سوشل میڈیا پر سنا ٹا چھا جاتا ہے۔عطا تارڑ نے کہا کہ اے آئی اور نئی ٹیکنالوجی کے تحت ان مظالم پر کی جانے والی پوسٹس پر لائکس کم ہو جاتے ہیں، ہم جو کچھ بھی ہیں پاکستان کی وجہ سے ہیں اور پاکستان ہے تو سیاست ہے، تحریک پاکستان میں نوجوانوں کا اہم کردار تھا، ملکی ترقی میں نوجوان اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔عطا تارڑ نے کہا کہ دانش اسکول کے ساتھ کیا مسئلہ تھا، جنوبی پنجاب کے علاقوں سے یتیموں اور غریبوں کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلوائی گئی، دانش اسکولوں کے باعث کہاں سے کہاں پہنچ گئے وگرنہ لڑکیاں برتن دھوتیں اور کوئی چھوٹا موٹا کام کر رہا ہوتا۔انہوں نے کہا کہ ساڑھے 12 سال میں کے پی میں کنڈی لیول انسٹی ٹیوٹ جیسا کوئی ادارہ نہیں بنایا گیا، پہلے مریض بھارت علاج کے لیے جاتے رہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں کسی جگہ بغیر فیس وصول کیے لیپ ٹاپ نہیں دیے جاتے، پاکستان میں پہلی مرتبہ نوجوانوں کو میرٹ پر لیپ ٹاپ دیے گئے۔کووڈ کے اندر ورک فرام ہوم یا آن لائن کلاسز کی وجہ سے ہماری معیشت نہیں بیٹھی کیونکہ ہمارے بچوں کے پاس لاکھوں لیپ ٹاپ موجود تھے، اربوں روپے انڈومنٹ فنڈ طلبہ کو باہر بھیجنے کے لیے خرچ کیا گیا۔سیاسی نعرہ لگانے والوں سے پوچھتا ہوں کتنے سسٹم بنائے جو پی کے ایل آئی بنایا یا لیپ ٹاپ اسکیم بنائی۔

بقیہ نمبر 5

جانب دیکھ رہی ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے گوادر بندرگاہ کی اہمیت کے متعلق بات کرتے ہوئے گوادر بندرگاہ کو عالمی تجارت کا اہم گیٹ وے قرار دیا اور کہا کہ سینٹرل ایشیائی ممالک بھی اپنی تجارت کے لیے پاکستان کے سمندری راستوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ چنیوٹ اور کراچی میں میڈیکل یونیورسٹی کے قیام کی خواہش رکھتے ہیں جبکہ میری ٹائم یونیورسٹی کے قیام پر بھی کام ہو رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی 90 فیصد تجارت سمندر کے ذریعے ہوتی ہے جس سے ملکی معیشت میں نمایاں بہتری آ رہی ہے۔انہوں نے کہا کسی بھی معاشرے کی ترقی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے تعلیمی ترقی کلیدی اہمیت رکھتی ہے اور موجودہ حکومت اس شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ پورٹ قاسم نے گزشتہ سال 42 ارب روپے کی آمدنی حاصل کی جو ملکی معیشت کے لیے ایک اہم کامیابی ہے۔

بقیہ نمبر 6

کے اراکین کی جانب سے ونگز میڈیا (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب آغا نبیل کے والد کے افسوسناک انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔اے پی این ایس نے سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 7

ریکارڈ قائم کرنے کا پہلا سال مکمل ہوا ہے، پنجاب حکومت عوام کے توقعات پر پورا اتری ہے،(ن) لیگ وعدوں کی تکمیل کا نام ہے۔انہوں نے کہا اب نواز شریف کا دور ہے، عوامی خدمت کا دور ہے، مریم نواز نے ایک سال میں وہ تاریخ ساز کام کئے جو پہلے کوئی حکومت نہیں کر سکی، مریم نواز نے پاکستان میں سیاست کے پیمانے کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ فتنے، فساد اور انتشار کی سیاست کو دفن کر دیا، اب صرف کام ہوگا، باقی صوبوں کے ترجمان ہمت کریں اپنے وزراءاعلیٰ کی کارکردگی قوم کے سامنے پیش کریں۔

بقیہ نمبر 8

یاں واپس منگوا رہی ہے۔ان گاڑیوں میں 2020 سے 2021 تک بننے والی فورڈ ایکسپلورر اور ایوی ایٹر گاڑیاں شامل ہیں جن میں سیٹ بیلٹ بکل اینکر بولٹ غلط طریقے سے لگائے گئے ہیں۔ایڈمنسٹریشن نے کہا کہ ڈیلر بولٹ کا معائنہ کریں گے اور ضرورت کے مطابق انہیں تبدیل کریں گے۔دوسری جانب امریکی کمپنی ٹیسلا کا کہنا ہے کہ وہ پاور سٹیئرنگ فیچر میں خرابی کی وجہ سے اپنی تین لاکھ 76 ہزار الیکٹرک گاڑیوں کو واپس منگوا رہی ہے۔پاور سٹیئرنگ فیچر میں خرابی کی وجہ گاڑی چلانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور خاص طور پر کم رفتار پر حادثے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔واضح رہے کہ یہ فیصلہ نیشنل ہائی وے ٹریفک سیفٹی ایڈمنسٹریشن کی ایک سال سے زیادہ جاری رہنے والی تحقیقات کے بعد کیا گیا ہے۔16 جنوری کو ٹیسلا نے کہا تھا کہ اس نے دنیا بھر میں 'سٹیئرنگ ری کال' جاری کرنے کا فیصلہ اس وقت کیا جب ایک نامعلوم غیر ملکی ریگولیٹر نے تحقیقات شروع کیں اور اس مسئلے پر تشویش کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 9

گڈو بیراجز کی تعمیر کے حوالے سے قیمتی بصیرت اور علاقائی زرعی نظام کو جاری رکھنے والے پیچیدہ نہری نظام اور آب کے راستوں کی تفصیل دی گئی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، مرحوم ایچ ایم ڈھمر کے صاحبزادے نذیر ڈھمر نے اپنے والد کی آبپاشی شعبے میں شاندار خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ گڈو بیراج کے منصوبے پر ان کے کام کی بدولت انہیں شاندار "صدارتی اعزاز - قائد اعظم اوارڈ" سے نوازا گیا۔متعدد معزز مقررین نے کتاب اور اس کی اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا:ڈاکٹر عبدالرحیم سومرو نے کہا کہ "یہ کتاب ایک اہم تاریخی ریکارڈ کا حصہ ہوگی جو آنے والے انجینئرز اور محققین کو سندھ کے آبپاشی نظام کی ترقی کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔آبپاشی ڈیپارٹمنٹ کے سیکرٹری ظریف اقبال کھو نے اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی زرعی زمین کو تشکیل دینے والی آبپاشی پالیسیوں کو سمجھنے میں ایک قیمتی اثاثہ ہے۔چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کی چیئرپرسن ڈاکٹر شیریں نار بجو نے آبپاشی شعبے میں جدت اور تحقیق کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا، "اگر ہم جدیدیت اور تحقیق کو اپنائیں گے نہیں تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔تقریب سے واٹر ریسورس مینجمنٹ کے ماہر محمد احسن لغاری، ریسرچ ابرار قاضی، پروفیسر اعجاز قریشی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ نمبر 10

میں اضافہ ہو رہا ہے، دوطرفہ تجارت میں اضافے کیلئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، آئی ٹی، زراعت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون میں اضافہ ترجیح ہے،دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے 12 پروٹوکولز پر دستخط ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کے ساتھ تمام شعبوں میں تعاون کے خواہاں ہیں جس سے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط شراکت داری کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 11

آئل اٹلی کی ٹیکنالوجی کی سپورٹ سے مزید بہتر ہوگا۔گورنر ہاؤس لاہور میں ہونیوالی ملاقات میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اٹلی کی طرف سے پاکستانی طلبہ کو ایک ہزار ووکیشنل سکالرشپس دینے پر اطالوی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اطالوی سفیر سے درخواست کی کہ اٹلی کی حکومت امیگریشن قوانین میں آسانی پیدا کر کے لیگل طریقے سے پاکستانیوں کو مواقع فراہم کرے تاکہ اس طرح کے حادثات سے بچا جا سکے۔سردار سلیم حیدر خان کا کہنا تھا کہ اٹلی میں رہنے والے پاکستانی اٹلی کی معیشت میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، زیادہ پاکستانی اٹلی جانا پسند کرتے ہیں، حال ہی میں کئی پاکستانی انسانی سمگلروں کے ہاتھوں غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جاتے ہوئے حادثات کا شکار ہوئے، انسانی سمگلروں سے نمٹنے کیلئے پاکستان میں سخت اقدامات اٹھائے گئے ہیں

بقیہ نمبر 12

، طارق حسن اور رضوان صادق خان شریک ہوئے، جب کہ اجلاس کے حوالے سے کمیٹی کے چیئرمین میر نصیر خان مینگل سے بھی مشاورت کی گئی۔ پارٹی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ سیاسی رابطہ کمیٹی نے حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں سے مشاورت کے لیے اپنی ٹاسک فورس تیار کر لیا ہے۔مصطفیٰ ملک نے کہا کہ سیاسی رابطہ کمیٹی نے قومی مفاہمت کے لیے سفارشات تیار کر لی ہیں، کمیٹی چوہدری شجاعت حسین کی اجازت کے بعد اپوزیشن جماعتوں، سول سوسائٹی، میڈیا سے ملاقاتوں کا آغاز کرے گی۔

بقیہ نمبر 13

میں کہا ہے کہ غزہ میں قیدیوں کی رہائی کا منظر دو اسرائیلی یرغمالیوں نے گاڑی سے دیکھا جس کی ویڈیو بھی جاری کردی گئی ہے، دونوں یرغمالیوں نے اپنی حکومت سے رہائی ممکن بنانے کی اپیل کی۔

بقیہ نمبر 14

تحت جنوبی غزہ میں ہسپتالوں اور صحت مراکز کو امداد فراہم کرنے کی مہم کا حصہ ہیں۔عرب میڈیا کے مطابق سعودی عرب نے ہمیشہ انسانی ہمدردی کے تحت فلسطینی عوام کا ساتھ دیا ہے اور مختلف بحرانوں میں امداد فراہم کی ہے۔موجودہ بحران کے باعث غزہ کے ہسپتالوں میں طبی آلات، ادویات اور دیگر ضروری اشیا کی شدید کمی کا سامنا ہے۔سعودی سینٹر فار کلچر اینڈ ہیریٹج، جو شاہ سلمان مرکز کا ایگزیکٹیو پارٹنر ہے، متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر امداد کی تقسیم کی تیاری کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 15

ذرائع کے مطابق عمان سے بلیک لسٹ، ویزا ختم ہونے اور غیر قانونی طور پر داخل ہونے پر 12 افراد کو بے دخل کیا گیا جبکہ امارات سے 2، قطر سے ایک اور آذربائیجان میں امیگریشن نے ناپسندیدہ قرار دے کر ایک پاکستانی کو بے دخل کر دیا۔سعودی عرب سے بلیک لسٹ، بغیر پاسپورٹ، سزا پوری کرنے، زائد المیعاد کام، کفیل کے بغیر کام اور کام سے مفرور ہونے پر 31 افراد کو ڈی پورٹ کیا گیا۔اس کے علاوہ عراق، عمان اور سعودی عرب کے ورک ویزوں کے 3 مسافروں کو بلیک لسٹ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا، عراق، یونان، آذربائیجان، سری لنکا، تھائی لینڈ اور فلپائن کے وزٹ ویزوں کے 13 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا جبکہ بحرین اور سعودیہ کے ورک ویزوں کے 7 مسافر بھی پروازوں سے اتارے گئے۔ ڈی پورٹ کیے گئے 5 افراد کو لاڑکانہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، حیدرآباد اور رکشان پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 16

امارت اسلامیہ افغانستان کے قواعد وضوابط کے مطابق اور مستقبل میں کسی بھی خلاف ورزی سے بچنے کا عہد کیا ہے۔وزارت نے اس بات کی وضاحت نہیں کی کہ وہ اصول اور ضوابط کیا ہیں، ریڈیو بیگم کا کوئی عہدیدار فوری طور پر تبصرے کے لئے دستیاب نہیں ہو سکا۔یاد رہے ریڈیو بیگم کی نشریات غیر ملکی ٹی وی چینل کو مواد کی غیر مجاز فراہمی اور لائسنس کے غلط استعمال کی وجہ سے طالبان نے معطل کر دی تھیں۔

بقیہ نمبر 17

گرفتار کیا، جس کے قبضے سے 50 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی ہے۔تفتیش کے دوران ساحر حسن نے گزشتہ دو سال سے منشیات فروخت کرنیکا اعتراف کیا اور انکشاف کیا کہ وہ مصطفیٰ قتل کیس کے ملزم ارمغان کو بھی منشیات فراہم کرتا تھا۔پولیس کے مطابق ساحر حسن کے پاس سے غیر ملکی برانڈ کی منشیات برآمد ہوئی ہے اور وہ دو سال سے منشیات فروشی میں ملوث تھا۔اس گرفتاری کے بعد بزنس کمیونٹی، بیوروکریٹس اور شوبز انڈسٹری میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ایلیٹ کلاس میں گیٹ ٹو گیدر کے نام پر منشیات کا استعمال عام ہو چکا ہے۔

بقیہ نمبر 18

خصوصی انتظامات کیے گئے۔سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے آئی جی جیل خانہ جات کو خصوصی انتظامات کی ہدایت کی تھی۔بچوں کی جیلوں میں بھی کرکٹ میچ کی لائیو نشریات کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے جبکہ قیدی بچے پاکستان کرکٹ ٹیم کے یونیفارم میں ملبوس تھے۔پاکستانی کرکٹ ٹیم کی وردی میں ملبوس بچے میچ سے خوب محظوظ ہوئے اور ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے رہے۔پنجاب بھر کی جیلوں میں جیل سپرنٹینڈنٹس اور ریجن کے اعلیٰ عہدیداروں نے بھی قیدیوں کے ہمراہ میچ دیکھا۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی پریزن ریفارمز پالیسی کے تحت اسیران کو بہتر شہری بنانے کیلئے شبت سرگرمیوں کو فروغ دیا جا رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ جیل ریفارمز پالیسی کے تحت پنجاب بھر کی جیلوں میں چھوٹے اور بڑے انڈسٹریل یونٹس اور لائبریریز بھی قائم کی گئی ہیں تاکہ تعلیم وتربیت کو فروغ دیا جائے۔

بقیہ نمبر 19

بعد ہوتی ہے۔فلکیاتی حساب کے مطابق 2030 میں دنیا بھر میں مسلمان 2 مرتبہ رمضان المبارک کا استقبال کریں گے۔پہلے رمضان کا آغاز 4 جنوری 2030 اور دوسرے رمضان کا آغاز 26 دسمبر 2030 کو ہونے کا قومی امکان ہے۔اس طرح 2030 میں دنیا بھر کے مسلمان ایک سال میں 36 روزے رکھیں گے۔اس سے قبل ایک عیسوی سال کے اندر 2 مرتبہ رمضان المبارک کی آمد آخری مرتبہ 1997 میں ہوئی تھی اور اب پھر 2030 کے بعد ایسا دوبارہ 2063 سے پہلے نہیں ہوگا

بقیہ نمبر 20

کی جدوجہد میں شریک ہوں۔نجی ٹی وی کے پروگرام سینٹر اسٹیج میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امید ہے کہ ہم بہت جلد بہت ساری پارٹیز کو اس پلیٹ فارم پر اکٹھا کر سکیں گے، ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ محمود خان اچکزئی کا ایک آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا خیال ہے وہ اس سلسلے میں کام بھی کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 21

منگل سے یکم مارچ تک گرج چمک کے ساتھ بارش، مری اور گلیات میں برفباری متوقع ہے جبکہ بلوچستان میں (آج) پیر سے 26 فروری تک بارش اور برفباری ، سندھ میں (کل) منگل سے 26 فروری تک ہلکی بارش کا امکان ہے۔گلگت بلتستان میں (کل) منگل سے 2 مارچ تک شدید بارشوں اور برف باری کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کشمیر میں (کل) منگل سے 2 مارچ تک شدید بارشوں اور برفباری جبکہ خیبر پختونخوا میں (آج) پیر سے یکم مارچ تک بارشوں اور بالائی علاقوں میں برفباری ہوگی۔محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارش اور برفباری سے مری، گلیات، ناران، کاغان اور دیگر پہاڑی علاقوں میں سڑکیں بند اور پھسلن کا خطرہ ہے، خیبر پختونخوا اور کشمیر میں فلیش فلڈنگ کا امکان ہیاور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 22

نشے کا عادی ہے اور اس سے قبل جیل بھی جا چکا ہے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ بچی کے والد سے ملزم کا معمولی جھگڑا ہوا تھا، معاملے کی مزید تحقیقات بھی شروع کر دی گئی

بقیہ نمبر 23

فلسطینی قیدیوں کی رہائی کو موخر کرنے کی وجہ ہے۔نیتن یاہو نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ فلسطینی قیدیوں کی رہائی اس وقت تک موخر کی ہے جب تک ہمارے اگلے قیدیوں کی رہائی عزت کو مجروح کرنے والی تقریبات کے بغیر نہیں ہوتی۔واضح رہے حماس نے گزشتہ روز جنگ بندی معاہدے کے تحت 6 اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا تھا جس کے بدلے اسرائیل کو بھی 600 سے زائد فلسطینی قیدیوں کو رہا کرنا تھا۔

بقیہ نمبر 24

نومنتخب صدر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں بار ایسوی ایشن کے انتخابات میں جیت دراصل پی ٹی آئی اور عمران خان کے نظریے کی فتح ہے۔اپنے بیان میں بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ جعلی حکومت کو بار انتخابات میں فارم 47 کے ذریعے دھاندلی کا موقع نہیں ملا، شاندار کامیابی نے ثابت کر دیا کہ اس ملک کے حقیقی لیڈر عمران خان ہیں، یہ الیکشن جعلی حکومت کے غیر قانونی اور اوچھے ہتھکنڈوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوا ہے۔بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا امید ہے کہ وکلا کی نومنتخب قیادت آئین کی بحالی اور قانون کی حکمرانی کے لیے کلیدی کردار ادا کرے گی اور نومنتخب قیادت عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی میں اہم کردار ادا کرے گی۔انہوں نے کہا انتخابات میں کامیابی کے بعد جعلی حکومت کی بنیادیں ہل چکی ہیں اور کانپیں ٹانگ رہی ہے، دونوں ہائی کورٹس کے نومنتخب صدور کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں

بقیہ نمبر 25

معاہدے کے تحت یہ کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے تاکہ علاقے میں دیرپا امن کو یقینی بنایا جا سکے، پائیدار امن وامان کے قیام کے لیے کوہاٹ امن معاہدے پر ہر حال میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، اب تک متحارب فریقین کے 253 بنکرز گرائے جا چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

شامل ہیں۔پارٹی ممبران میں سے منصور درانی، وسن وزیر، پیر قیصر عباس شاہ، ایڈووکیٹ احتشام، پیر عثمان، سردار شیر بہادر، عزت خان موسمند، کلیم خان، نوید انجم، انور زمان خان اور دیگر شامل ہیں۔کمیٹی پارٹی کی تنظیم سازی سے لے کر پارٹی مکمل اسٹرکچرنگ 60 دن کے اندر مکمل کرے گی اور تمام تفصیلات جنرل سیکرٹری کے ساتھ شیئر کرے گی۔

بقیہ نمبر 27

میں شرکت کی،تقریب میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، معروف بزنس مین گوہر اعجاز، اور نواب شہزاد سمیت متعدد اہم شخصیات شریک ہوئیں۔آصف علی زرداری نے خطاب میں ملک کی موجودہ اقتصادی صورتحال اور حکومت کی جانب سے کی جانیوالی مختلف اصلاحات پر روشنی ڈالی اور انتظامیہ کی کارکردگی میں مزید بہتری لانے پر زور دیا۔صدر مملکت نے اپنے حالیہ دورہ چین بارے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا چین کا دورہ کامیاب رہا اور ہم نے سی پیک کی بنیاد رکھی ہے اور اسے کامیاب بنائیں گے، چین اور پاکستان خطے کی ترقی کیلئے مشترکہ اقدامات کر رہے ہیں اور چینی کمپنیاں پاکستان میں فیکٹریاں لگائیں گی۔چین کی ہمارے خطے میں خاص دلچسپی ہے۔آصف زرداری نے کہا کہ سندھ حکومت نے صحت اور تعلیم کے شعبے میں نمایاں کام کیا ہے اور سندھ میں نئی یونیورسٹیاں، کالجز اور ہسپتال بنائے گئے ہیں، سندھ حکومت نے سیلاب زدگان کیلئے گھر بنائے ہیں اور دیگر صوبوں کو بھی اس کی تقلید کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 28

کی قیمت 200 روپے اضافے سے 2500 روپے فی کلو اور بڑا گوشت 1100 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے۔چینی کی قیمت بھی 124 روپے سے بڑھ کر 155 سے 160 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، اور دیگر پھلوں جیسے سیب، کیلا، خربوزہ، کینو اور اسٹرابیری کی قیمت میں 100 سے 300 روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔دوسری جانب کنزیومر ایسوسی ایشن نے اس صورتحال پر سخت ردعمل ظاہر کیا ہے اور کہا ہے کہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ان کا کہنا ہے کہ سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل نہیں ہو رہا اور منافع خور اپنی مرضی سے قیمتیں وصول کر رہے ہیں، جس سے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا ہے

بقیہ نمبر 29

مظاہرہ کرتے ہوئے بھاگتے ہوئے چور کو پکڑنے کے لیے اس کے پیچھے دوڑ لگائی اور بالآخر چور کو قابو کر لیا۔واقعے کی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک خاتون موبائل چوری کر کے فرار ہونے والے ملزم کے پیچھے دوڑ رہی ہے اور اس نے ہمت نہیں ہاری بلکہ آگے جا کر بھاگتے چور کو قابو کر لیا۔واقعہ ہشت نگری کے علاقے میں پیش آیا، جہاں پولیس نے موبائل چوری کر کے بھاگنے والے چور کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے خاتون کا چورہ شدہ موبائل بھی مل گیا ہے

بقیہ نمبر 30

منتقل کیا گیا، تاہم اسپتال نے انھیں مردہ قرار دے دیا۔اسپتال ذرائع کا کہنا تھا کہ دلہا حافظ عمر کی موت ہارٹ اٹیک کے باعث ہوئی ہے۔حافظ عمر کی اچانک موت سے خوشیوں سے بھرا گھر ماتم کدہ بن گیا۔واضح رہے کہ پاکستان میں نوجوان نسل میں ہارٹ اٹیک کی بڑھتی ہوئی شرح حالیہ برسوں میں صحت کا مسئلہ بن گئی ہے، روایتی طور پر بوڑھے افراد سے وابستہ دل کے امراض اب نوجوانوں کی صحت پر اثر انداز ہو رہے ہیں، جنھیں ایسے قلبی خطرات سے نسبتاً محفوظ تصور کیا جاتا تھا۔طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ نوجوانوں میں دل کے دورے کے واقعات میں اضافے کی کئی وجوہ ہیں، جن میں پراسیسڈ فوڈز، الم ظلم غذائیں، سچوریٹڈ فیٹس، اور چینی سے بھرپور خوراک شامل ہیں، متوازن غذا کی اہمیت اور دل کی صحت پر اس کے اثرات کے بارے میں آگاہی کا فقدان ہے، جس کی وجہ سے خوراک کی خراب عادتیں پیدا ہوتی ہیں۔

بقیہ نمبر 31

رکھتی ہے۔کمپنی کا مالی سال 2030 تک سالانہ فروخت کے 80 کھرب ین کے ہدف تک پہنچنے کا منصوبہ ہے۔سوزوکی موٹر کے صدر سوڈو کی توشی ہیرو نے کہا کہ بیٹری سے چلنے والی برقی گاڑیوں کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہم بہت سے نئے ماڈلز کو جلد بازی میں متعارف نہیں کرائیں گے۔اس کے بجائے ہم کسی حد تک اپنی لائن اپ کو کم کریں گے، اور نسبتاً کم ماڈلز کی فروخت پر توجہ مرکوز کریں گے۔مالی سال 2030 تک کے لیے سوڈو کی کی نئی وسط مدتی انتظامی حکمت عملی کے مطابق کمپنی نئے ای وی ماڈلز کی تعداد کو کم کر کے بھارت میں چھ سے چار اور یورپ میں پانچ سے چار کر دے گی۔اس کے بجائے کمپنی ہائبرڈ ماڈلز میں اضافہ کرے گی۔سوزوکی کے بھارت کے لیے بڑے منصوبے بھی ہیں، جہاں کی آٹو مارکیٹ پر اسکا غلبہ ہے۔کمپنی کا ہدف ہے کہ وہاں قدرتی گیس سے چلنے والی گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ کیا جائے۔یاد رہے کہ بھارت میں گاڑیوں کی فروخت میں مذکورہ ماڈلز کا حصہ ایک چوتھائی ہے۔

بقیہ نمبر 32

کیس پائپ لائن پراجیکٹ انتہائی سست روی کا شکار دکھائی دے رہا ہے جو گزشتہ دو ہفتوں سے زائد دنوں سے جاری ہے اور روایتی سستی اور غفلت کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہے بلکہ گیس پائپ لائن ڈالنے کی غرض سے کی گئی کھدائی کا ملبہ سڑک سے بروقت نہ اٹھانے اور ریپئرنگ نہ کرنے کی وجہ سے سڑک اب سنگل سائیڈ ہی ٹریفک کیلئے رہ گئی ہے جبکہ پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے۔گرجا روڈ کے تاجروں کے مطابق گیس پائپ لائن پراجیکٹ میں سستی اور غفلت کے باعث کاروبار بھی شدید متاثر ہونے لگا ہے، تاجروں کا کہنا ہے کہ سڑکوں کی توڑ پھوڑ اور ملبہ فوری نہ اٹھائے جانے سے عوام کے ساتھ تاجر بھی پریشان ہیں، اس صورتحال میں خریدار ہماری دکانوں کا رخ نہیں کرتے۔انہوں نے کہا وہ لاکھوں روپے تک ماہانہ کا نقصان اٹھانے پر مجبور ہو چکے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اس صورت حال پر ضلعی انتظامیہ اور مقامی سیاسی نمائندوں کی پراسرار خاموشی بھی سوالیہ نشان ہے؟ کیونکہ جب کوئی محکمہ ایک عرصے بعد کوئی کام کرتا ہے تو ضلعی انتظامیہ سمیت مقامی سیاسی نمائندے اور انکے چمچے کڑچھے بھی فوٹو سیشن کر کے اپنا کریڈٹ لینے میں مص

پاکستان آئل کا باری وفود کا تبادلہ ہونا چاہیے، سردار سلیم حیدر

آلودگی کم کرنے کے لیے حکومت پنجاب نے الیکٹرک بسیں چلانا شروع کی ہیں، اس سے فضائی آلودگی کم کرنے میں مدد ملے گی، سردار سلیم حیدر

میڈان پاکستان زیتون کا تیل بھی مارکٹ میں آنا شروع ہوگیا ہے، میڈان پاکستان آلیو آئل اٹلی کی ٹیکنالوجی کی سپورٹ سے مزید بہتر ہوگا

لاہور (انٹرنیوز) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان کاروباری وفود کا تبادلہ ہونا چاہیے، آلودگی کم کرنے کے لیے ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، حکومت پنجاب نے الیکٹرک بسیں چلانا شروع کی ہیں جس سے فضائی آلودگی کم کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں اٹلی کی سفیر میری لینا ارمیلن سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں ماحولیاتی آلودگی، تجارت بالخصوص زیتون کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب پاکستان سے زیتون درآمد کر کے زیتون کے تیل میں استعمال کر سکتا ہے، میڈان پاکستان زیتون کا تیل بھی مارکٹ میں آنا شروع ہوگیا ہے، میڈان پاکستان آلیو (بقیہ نمبر 11)

عوامی مفاد کیلئے ملاقاتیں، سیاسی رابطہ کمیٹی کی قومی مفاہمتی سیاست

اپوزیشن جماعتوں سے بامقصد بات چیت میں کوئی حرج نہیں ہے، سربراہ ق لیگ چوہدری شجاعت کی سیاسی رابطہ کمیٹی کی تجویز

کمیٹی چوہدری شجاعت حسین کی اجازت کے بعد اپوزیشن جماعتوں، سول سوسائٹی، میڈیا سے ملاقاتوں کا آغاز کرے گی، ضروری ہدایات جاری

اسلام آباد (انٹرنیوز) چوہدری شجاعت حسین کی قائم کردہ سیاسی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ملکی مسائل اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپوزیشن جماعتوں سے بامقصد بات چیت میں کوئی حرج نہیں ہے، مسلم لیگ نے اتحادی جماعتوں کو مزید وسعت دینے کی تجویز دی ہے، ہم خیال سیاسی جماعتوں اور بزرگ سیاستدانوں سے بھی رہنمائی لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ مسلم لیگ (ق) کے سربراہ اور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی جانب سے تمام سٹیک ہولڈرز کو قومی ایجنڈا پر متفق بنانے کے لیے قائم کی گئی سیاسی رابطہ کمیٹی کا پہلا باقاعدہ اجلاس اتوار کے روز مسلم لیگ ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت کمیٹی کے وائس چیئرمین غلام مصطفیٰ ملک نے کی۔ اجلاس میں اراکین ڈاکٹر محمد امجد، محمد رحیم اعوان، انتخاب خان چیمہ (بقیہ نمبر 12)

اعجاز چودھری کی طبیعت ناساز، جیل سے ہسپتال منتقل

اعجاز چودھری کی طبیعت اب قدرے بہتر ہے، پی ٹی آئی لاہور کے ترجمان کی تصدیق

لاہور (انٹرنیوز) کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنما سینیٹر اعجاز چودھری کی طبیعت ناساز ہوگئی، انتظامیہ نے انہیں سخت سکیورٹی میں ہسپتال منتقل کردیا۔ پی ٹی آئی لاہور کے ترجمان نے اس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ اعجاز چودھری کی طبیعت اب قدرے بہتر ہے۔

6 مختلف ممالک سے مزید 48 پاکستانیوں کو بے دخل کردیا گیا

کراچی (انٹرنیوز) سعودی عرب، عمان اور متحدہ عرب امارات سمیت 6 مختلف ممالک سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید 48 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا۔ امیگریشن (بقیہ نمبر 15)

معروف انجینئر ایچ ایم ڈھمر کی کتاب کی تقریب رونمائی سے پروفیسر اعجاز قریشی خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل جنگ بندی معاہدے کو سبوتاژ کرنا چاہتا ہے

غزہ میں قیدیوں کی رہائی کا منظر دو اسرائیلی یرغمالیوں نے گاڑی سے دیکھا، حماس

غزہ (انٹرنیوز) فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے اسرائیلی وزیراعظم جنگ بندی معاہدے کو سبوتاژ کرنے کیلئے گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حماس نے اسرائیل کی جانب سے 6 یرغمالیوں کے بدلے 600 سے زائد قیدیوں کو رہا نہ کرنے پر ردعمل (بقیہ نمبر 13)

سعودی عرب نے مزید 34 امدادی قافلے غزہ بھیج دیئے

ریاض (انٹرنیوز) سعودی عرب کی جانب سے غزہ میں جاری انسانی بحران کے پیش نظر مزید 34 امدادی قافلے بھیج دیئے گئے، یہ قافلے شاہ سلمان ریلیف سینٹر کے (بقیہ نمبر 14)

طالبان نے خواتین کے ریڈیو بیگم کی نشریات بحال کردیں

اسٹیشن نے امارت اسلامیہ افغانستان کے قواعد وضوابط کے مطابق اور مستقبل میں کسی بھی خلاف ورزی سے بچنے کا عہد کرلیا

یاد رہے ریڈیو بیگم نشریات غیر ملکی چینل کو مواد کی غیر مجاز فراہمی، لائسنس کے غلط استعمال کی وجہ سے طالبان نے معطل کردی تھیں

کابل (انٹرنیوز) افغان طالبان نے خواتین کے ریڈیو اسٹیشن ریڈیو بیگم کی نشریات بحال کردیں۔ طالبان کی وزارت اطلاعات وثقافت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ریڈیو بیگم نے بار بار آپریشن دوبارہ شروع کرنے کی درخواست کی تھی، اور اسٹیشن کی جانب سے حکام سے کیے گئے وعدوں کے بعد ریڈیو کی معطلی ختم کردی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسٹیشن نے صحافت کے اصولوں اور (بقیہ نمبر 16)

حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر فوزیہ حمید ایم کیو ایم کے میڈیکل کیمپ دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

محمود اچکزئی کا آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا خیال

امید ہے کہ ہم بہت جلد بہت ساری پارٹیز کو اس پلیٹ فارم پر اکٹھا کرسکیں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) رہنما پاکستان تحریک انصاف رؤف حسن نے کہا کہ ان تمام پولیٹیکل پارٹیز کو، ان تمام سیاسی اسٹیک ہولڈرز کو جو کہ حکومت کے بنی نشریز نہیں ہیں جو ووٹ پر ڈاکہ ڈال کر جو بنی نشریز نہیں ہیں ان کو ہم دعوت دے رہے ہیں، ان کو ہم دعوت دے رہے ہیں کہ وہ اس لارجر پلیٹ فارم میں شامل ہوں اور پاکستان میں آئین کی بحالی (بقیہ نمبر 20)

مغربی ہوا کا سسٹم (آج) ملک میں داخل ہوگا، موسمیات

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں ژالہ باری کا امکان ہے

اسلام آباد (انٹرنیوز) محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتے سے ملک بھر میں بارشوں کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ (آج) سے مغربی ہوا کا سسٹم ملک میں داخل ہوگا، پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں ژالہ باری کا بھی امکان ہے، شمالی اور پہاڑی علاقوں میں بارش، گرج چمک، برفباری ہوگی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب اور اسلام آباد میں (کل) (بقیہ نمبر 21)

ادا کار ساجد حسن کے گرفتار بیٹے کے انکشافات نے ایلیٹ کلاس میں کھلبلی مچادی

کراچی (آئی آئی پی) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں سی آئی اے پولیس نے اداکار ساجد حسن کے بیٹے ساحر حسن کو گزشتہ روز (بقیہ نمبر 17)

اسرائیلی وزیراعظم 600 سے زائد فلسطینی قیدیوں کو رہا کرنے سے رک گئے

ہمارے قیدیوں کی عزت کو مجروح کرنا فلسطینی قیدیوں کی رہائی کو موخر کرنے کی وجہ ہے، نیتن یاہو

واضح رہے حماس نے گزشتہ روز **جنگ بندی معاہدے** کے تحت 6 اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا تھا

تل ابیب (انٹرنیوز) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے حماس کی جانب سے رہا کیے جانے والے 6 یرغمالیوں کے بدلے 600 سے زائد فلسطینی قیدیوں کی طے شدہ رہائی موخر کردی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ حماس کی طرف سے ہمارے قیدیوں کی عزت کو مجروح کرنیوالی تقریبات اور پراپیگنڈے کے لیے ان کا مذموم سیاسی استعمال (بقیہ نمبر 23)

پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی شاہ کا دورہ کر رہے ہیں

بیرسٹر سیف کی لاہور اور اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نو منتخب صدور کو مبارکباد

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے لاہور اور اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے (بقیہ نمبر 24)

متحارب فریقین کے لوئر کرم میں 117، اپر کرم میں 136 بنکرز مسمار

کرم (انٹرنیوز) لوئر کرم میں 117 جبکہ اپر کرم میں 136 بنکرز کو مسمار کردیا گیا اور مزید بنکرز کے خاتمے کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر کرم کے مطابق کوہاٹ امن (بقیہ نمبر 25)

پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرین ایک بار پھر متحرک

کمیٹی پارٹی کی تنظیم سازی سے لے کر پارٹی مکمل اسٹرکچرنگ 60 دن کے اندر مکمل کریگی

پشاور (سی ایم لنکس) تحریک انصاف پارلیمنٹیرین ایک بار پھر متحرک ہوگئی، صوبائی صدر سید حبیب علی شاہ کی نگرانی میں تنظیم سازی کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ کمیٹی میں ضیاء اللہ خان بنگش، نادیہ شیر خان، ملک واجد، ڈاکٹر آسیہ اسد، ملک شوکت اور صالح محمد (بقیہ نمبر 26)

قیدیوں کو پاک بھارت میچ دکھانے کیلئے خصوصی انتظامات

پاکستانی کرکٹ ٹیم کی وردی میں ملبوس بچے میچ سے خوب محظوظ ہوئے

لاہور (سی ایم لنکس) حکومت پنجاب کا قیدیوں کیلئے احسن اقدام، سیکرٹری داخلہ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر کی 44 جیلوں میں پاک بھارت کرکٹ میچ کی لائیو نشریات دکھائی گئیں۔ پنجاب بھر کی جیلوں میں قیدیوں کو چیمپئنز ٹرافی کا پاک بھارت میچ دکھانے کیلئے (بقیہ نمبر 18)

2030 میں مسلمان سال میں 2 مرتبہ ماہ رمضان کا استقبال کرینگے

اسلام آباد (اے ایف پی) سال 2030 دنیا بھر میں مسلمان ایک مرتبہ پھر سال میں 2 مرتبہ ماہ رمضان کا استقبال کرینگے۔ یہ دلچسپ اور خوبصورت چیز ہر 33 سال (بقیہ نمبر 19)

والد سے معمولی جھگڑا، 6 سالہ بچی کی لاش پڑوس سے برآمد

پولیس کا کہنا ہے کہ بچی کے قتل کے شبے پر ماں بیٹے کو گرفتار کرلیا گیا

گوجرانوالہ (اے ایف پی) گوجرانوالہ کے گاؤں میں 6 سال کی بچی کی لاش پڑوسی کے گھر سے برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق پڑوسی کے گھر تازہ مٹی کی کھدائی دیکھ کر شبہ ہوا، اور تلاشی پر لاش صحن میں دفن کردی گئی تھی، بچی کو گلے میں پھندا ڈال قتل کیا گیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچی کے قتل کے شبے پر ماں بیٹے کو گرفتار کرلیا گیا ہے، پولیس کے مطابق ملزم حسن (بقیہ نمبر 22)

سوزوکی موٹر کا ہائبرڈ ماڈلز پر توجہ مرکوز کرنے کا منصوبہ

گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں 5 فیصد کی کمی ریکارڈ

ٹوکیو (سی ایم لنکس) سوزوکی موٹر نے کہا ہیکہ بھارت اور یورپ میں برقی گاڑیوں یا ای ویز کی مانگ میں کمی کے باعث وہ موجودہ دہائی کے دوسرے نصف حصے کیلئے اپنے منصوبوں پر نظر ثانی کر رہی ہے۔ این ایچ کے مطابق یہ جاپانی گاڑی ساز کمپنی اب نئی برقی گاڑیوں میں اپنی سرمایہ کاری کو کم کرنے اور ہائبرڈ ماڈلز پر زیادہ توجہ مرکوز کرنے کا ارادہ (بقیہ نمبر 31)

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین کے کانووکیشن میں طالبات کا ڈائریکٹر کالجز احسان مختار پرنسپل طلعت رحمان کے ہمراہ فوٹو

رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین کے کانووکیشن میں طلبہ کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

گرجا روڈ تا کلمہ چوک گیس پائپ لائن پراجیکٹ سست روی کا شکار

کھدائی کی گئی سڑک فوری مرمت نہ کرنے سے عوام خصوصاً تاجروں کو شدید مشکلات

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان سے) گرجا روڈ تا کلمہ چوک گیس پائپ لائن پراجیکٹ روایتی سست روی کا شکار ہوکر شہریوں کیلئے دردسر بن گیا۔ گرجا تا کلمہ چوک گیس پائپ لائن پراجیکٹ سے قبل ایس این جی پی ایل حکام نے دعویٰ کیا تھا کہ گیس پائپ لائن رات کے اوقات میں بچھائی جائے گی تاکہ سڑک پر ٹریفک روانی متاثر نہ ہو لیکن اب (بقیہ نمبر 32)

اب نیا سٹیڈیم، نام تبدیلی نامناسب حرکت، فیصل کنڈی

9 سال سے اقتدار پر قابض جماعت ارباب نیاز اسٹیڈیم کی تزئین وآرائش اور بحالی تک نہ کرسکی، فیصل کریم کنڈی کا بیان

وزیراعلیٰ سردار علی امین گنڈہ پور صوبے کی شناخت مٹانے اور اسے تباہ کرنے کے مشن پر گامزن ہیں، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (انٹرنیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ارباب نیاز سٹیڈیم کے نام کی تبدیلی پر صوبائی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 9 سال سے اقتدار پر قابض جماعت ارباب نیاز اسٹیڈیم کی تزئین وآرائش اور بحالی تک نہ کرسکی، ارباب نیاز اسٹیڈیم کے نام کی تبدیلی انتہائی نامناسب حرکت ہے۔ اپنے ایک بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ صوبے کی شناخت مٹانے اور اسے تباہ کرنے کے مشن پر گامزن ہیں، ارباب نیاز سٹیڈیم کے نام کی تبدیلی کے خلاف پشاور کے غیور عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ (بقیہ نمبر 39)

پی ایف یو جے کے نو منتخب سیکرٹری جنرل شکیل احمد کو مبارکباد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پیپلز پارٹی یو کے کے جنرل سیکرٹری اظہر بڑالوی، پاکستان پریس کلب یو کے کے جنرل سیکرٹری احتشام الحق قریشی، چوہدری عابد حسن گرالی اور دیگر معزز شخصیات نے پی ایف یو جے کے نو منتخب سیکرٹری جنرل شکیل احمد کو گلدستہ پیش کیا اور انہیں نئی ذمہ داریوں پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر شرکاء نے شکیل احمد کی صحافتی خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنے عہدے پر صحافی برادری کے حقوق کے تحفظ اور آزادی صحافت کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کریں گے۔ تقریب میں صحافیوں اور کمیونٹی رہنماؤں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جنہوں نے شکیل احمد کو نیک تمناؤں اور کامیابیوں کی دعاؤں سے نوازا۔

ڈیفنس اور کلفٹن میں منشیات فروشی کیخلاف چھاپے، 27 افراد گرفتار

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے پوش علاقوں میں منشیات کی فروخت اور استعمال کے خلاف پولیس نے ڈیفنس اور کلفٹن کے چائے خانوں، کافی شاپس اور عوامی مقامات سے 27 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیل کے مطابق کراچی کے پوش علاقوں میں منشیات کی فروخت اور اس کے استعمال کو روکنے کیلئے پولیس نے کارروائیاں کیں۔ گرفتار ہونے والوں میں مطلوب منشیات فروش نواز عر (بقیہ نمبر 40)

دریائے سندھ پر چھ نئی نہروں کی تعمیر کے خلاف سندھ بھر میں احتجاجی مظاہرے

قومی شاہراہوں پر دھرنے، احتجاج میں شدت کا امکان

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) ریائے سندھ سے چھ نئی نہریں نکالنے کے منصوبے کے خلاف سندھ کے مختلف علاقوں میں احتجاجی مظاہرے جاری ہیں۔ جیئے سندھ قومی محاذ (جسقم) کے چیئرمین صنعان قریشی کی قیادت میں کشمور کے دیرہ موڑ پر انڈس ہائی وے بلاک کر کے شدید احتجاج کیا گیا، جہاں مظاہرین نے بینرز اور جھنڈے اٹھا کر نعرے بازی (بقیہ نمبر 37)

الحمراء میں جاری ایل ایل ایف کے سیشن میں ڈیوڈ ڈایس ٹونگ، امبر خیری سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

نیب افسر کی اسلام آباد کے گیسٹ ہاؤس سے لاش برآمد

لاش قبضے میں لیکر پوسٹمارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نیب کے آفیسر وقاص احمد کی اسلام آباد کے گیسٹ ہاؤس سے لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق نیب آفیسر وقاص احمد کی لاش گیسٹ ہاس کے کمرہ کا دروازہ توڑ کر نکالی گئی، لاش قبضے میں لیکر پوسٹمارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی۔ متوفی نیب آفیسر وقاص احمد تھانہ آبپارہ کی حدود جی سکس فور میں واقع گیسٹ (بقیہ نمبر 38)

حکومت چینی قیمتیں کنٹرول میں ناکام، 165 روپے کلو

اسلام آباد، پشاور کے شہری سب سے زیادہ مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہیں

اسلام آباد (آئی آئی پی) حکومت چینی کی قیمتوں کو کنٹرول میں ناکام ہوگئی، مختلف شہروں میں قیمت 165 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔ چینی کی قیمتوں سے متعلق تازہ اعداد وشمار کے مطابق کئی شہروں میں چینی فی کلو 160 سے 165 روپے میں فروخت ہونے لگی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اسلام آباد، پشاور کے شہری سب سے زیادہ مہنگی چینی خریدنے پر (بقیہ نمبر 47)

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان کا حلقہ این اے 97 کے علاقہ عمائدین کے ساتھ گروپ فوٹو

سابق وزیر تعلیم بلوچستان طاہر محمود خان انتقال کر گئے

کراچی (اے ایف پی) سابق وزیر تعلیم بلوچستان طاہر محمود خان انتقال کر گئے ہیں۔ خاندانی ذرائع نے طاہر محمود خان کی وفات کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

تھانہ گوجر خان چوکی قاضیاں کی حدود میں اندھے قتل کی لرزہ خیز واردات

بادشاہ کڑاہی کا مالک رات کو گھر جاتے ہوئے قتل، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانہ گوجر خان پولیس چوکی قاضیاں کے نواحی علاقے نزالی کسوال بیول روڈ پر اندھے قتل کی لرزہ خیز واردات نامعلوم ملزم/ملزمان کی فائرنگ سے 20 سالہ نوجوان قتل تفصیلات کے مطابق محمد اشفاق کیانی کے فرزند شہریار کیانی جمعوں نے رواں ماہ حبیب چوک کے مقام پر بادشاہ کڑاہی کے نام سے اپنے کاروبار کا آغاز کیا تھا گزشتہ را (بقیہ نمبر 42)

روحانی شخصیت حضرت پیر فضل شاہ نوروالے کے عرس مبارک پر علامہ مجاہد خطاب کر رہے ہیں

مری میں پولیس کا چھاپہ، ملزم کی فائرنگ اور پتھراؤ سے ایس ایچ او سمیت کئی اہلکار زخمی

مری (اے ایف پی) مری میں پولیس کی جانب سے چھاپے کے دوران ملزم نے پولیس پر فائرنگ اور پتھراؤ شروع کر دیا جس سے ایس ایچ او تھانہ چھانگا سمیت کئی اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 41)

جامع مسجد غفاری میں رمضان المبارک کی آمد پر استقبالیہ اجلاس منعقد

کشمور (سید رشید احمد شاہ) جمعیت علماء طاہریہ ضلع کشمور اور کندھ کوٹ کی جانب سے جامع مسجد غفاری میں رمضان المبارک کی آمد پر استقبالیہ اجلاس منعقد ہوا اور جلسہ کا آغاز قاری محمد عامر طاہری نے کیا جس کی تلاوت قرآن پاک مولانا زین العابدین نے (بقیہ نمبر 34)

چیمپئنز ٹرافی، راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میچز کے موقع پر ٹریفک پلان جاری

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں چیمپئنز ٹرافی کے میچز کے موقع پر ٹریفک پلان جاری کر دیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق اتوار سے 27 فروری تک کرکٹ ٹیموں کی آمد اور روانگی کیوجہ مری روڈ فیض آباد سے ڈبل روڈ تک بند رہے گی اور اسلام آباد سے آنے والی ٹریفک کو فیض آباد سے ایکسپریس وے کی جانب موڑ جائے گا۔ ٹریفک پولیس نے بتایا کہ خوشیہ چوک سے ٹریفک کو فاروق اعظم روڈ، کری روڈ کی طر (بقیہ نمبر 36)

تھانہ مندرہ پولیس کی کارروائی جی ٹی روڈ پر ڈکیتیاں کرنے والا گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 17 لاکھ، تین موٹرسائیکل، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد

گوجر خان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ مندرہ کی اہم کاروائی جی ٹی روڈ پر آئے روز وارداتیں کرنا والا گینگ گرفتار کر کے مسروقہ رقم، موٹرسائیکل موبائل فونز اور اسلحہ برآمد کر لیا تفصیلات کے مطابق تھانہ ؟ مندرہ پولیس نے اہم کاروائی کرتے ہوئے جی ٹی روڈ اور گردونواح میں وارداتیں کرنے والا 4 رکنی گینگ گرفتار کر لیا ملزمان سے مسروقہ رقم 17 (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات سید واجد علی گیلانی صدر منتخب

ڈاکٹر چوہدری مرسلین فاروق اور اہلیان جنڈ مہلو نے مبارکباد دی

گوجر خان (قمر شہزاد) اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں منتخب ہونے والے صدر کو مبارکباد دینے والوں کا سلسلہ ساری جاری تفصیلات کے مطابق سید واجد علی گیلانی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کو صدر اسلام آباد ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 60)

سندھ اور وفاقی حکومت عوامی مینڈیٹ سے واقف نہیں، اسد قیصر

پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کے ساتھ ظلم کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی سمیت تمام پارٹی رہنماؤں اور کارکنان کو رہا کیا جائے

لوگوں کو صاف پانی، روزگار اور نہ امن مل رہا ہے، ہم ایسی مہم چلائیں گے کہ آئندہ کوئی الیکشن میں دھاندلی نہ کرسکے، اس قیصر

کراچی (انٹرنیوز) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ کراچی کے لوگ ہمیں محبت دے رہے ہیں، کراچی والوں نے ہمیں عام انتخابات میں 22 سیٹیں دیں، پورے سندھ سے ہمیں 44 سیٹیں ملیں، ہمارے مینڈیٹ کو چوری کیا گیا، سندھ اور وفاقی حکومت کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں۔ کراچی میں مزار قائد پر حاضری کے بعد پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سندھ (بقیہ نمبر 58)

ملک تنویر اسلم سیتھی کی پرفضا سیاحتی مقام پر پروقار دعوت کا اہتمام

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) شہنشاہ تعمیرات سدا بہار ایم پی اے ملک تنویر اسلم سیتھی کی پرفضا سیاحتی مقام کوٹ راجہ ڈیم پر پروقار دعوت کا اہتمام سابق ڈی ای او ملک محمد اصغر مرحوم جسوال کے نام پر علاقہ میں بڑا پراجیکٹ جلد شروع کرنے کا عندیہ بھی دیا گیا سابق صوبائی وزیر ملک تنویر اسلم اعوان MPA چکوال، کنوینر ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی چکوال، ممبر پبلک اکاؤنٹ کمیٹی تھری پنجاب لوکل گورنمنٹ کے اعزاز میں کوٹ راجہ ڈیم کے پرفضا مقام پر (بقیہ نمبر 65)

راجہ فہیم احمد جنجوعہ ایڈووکیٹ کے راجہ ظہور لاء چیمبر کا باقاعدہ افتتاح

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) اس موقع پر محمد عقیل ارشد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، ملک خالد جاوید، راجہ ظفر اللہ، راجہ مسعود اختر، راجہ بدر منیر، راجہ ظفر اقبال، راجہ انضام ا (بقیہ نمبر 48)

اسلام شرفِ انسانیت کا علمبردار دین ہے

ہر فرد سے حسن سلوک کی تعلیم دینے والے دین میں کوئی ایسا اصول یا ضابطہ روا نہیں رکھا گیا

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ڈگری کے ایم پی اے وصوبائی وزیر برائے سماجی بہبود میر طارق تالپور نے کہا ہے کہ اسلام شرف انسانیت کا علمبردار دین ہے۔ ہر فرد سے حسن سلوک کی تعلیم دینے والے دین میں کوئی ایسا اصول یا ضابطہ روا نہیں رکھا گیا جو شرف انسانیت کے منافی ہو۔۔ اسلامی ریاست میں اقلیتوں کو بھی ان تمام حقوق کا مستحق قرار (بقیہ نمبر 64)

الیکشن انجمن تاجران سکھو کے انتخابات کا انعقاد راجہ گلفام کیانی پینل کامیاب

گلفام کیانی پینل اور دوست احباب کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام

گوجر خان (قمر شہزاد) انجمن تاجران سکھو کے تاریخ کے پہلے انتخابات اختتام پذیر ہوگئے جس میں گلفام کیانی پینل نے 330 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی جبکہ ارشد مغل نے 241 ووٹس حاصل کیے کل 573 ووٹ کاسٹ ہوئے جن میں سے 2 ووٹ مسترد (بقیہ نمبر 57)

ایشیا کی بڑی پھول منڈی میں گزشتہ سال بہترین کاروبار

یہ دنیا کا دوسرا سب سے بڑا تازہ کٹے پھولوں کا تجارتی مرکز بھی ہے

کونمنگ (شنہوا) چین کے جنوب مغربی شہر کونمنگ میں واقع ایشیا کی سب سے بڑی تازہ کٹے ہوئے پھولوں کی تجارتی منڈی دوتان پھول منڈی میں گزشتہ برس پھولوں کا تجارتی حجم 5 فیصد اضافے کے ساتھ 14.18 ارب ڈالر رہا۔ منڈی میں 2024 کے (بقیہ نمبر 62)

ضرورت
عوامی للکار نمائندگان
Daily Awami Lalkar
دُنیا بھر سے میل / فی میل
LALKAR
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر
نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354